Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعۃ المبارک، 6 نومبر 2026ء ، 25 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 193

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کا پہلا مرحلہ 7 فروری کو ہوگا

الیکشن کمیشن کا فیصلہ

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں 4 رکنی بنچ نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی تاریخ تبدیل کرنے کی درخواست پر سماعت کے بعد محفوظ کیا گیا فیصلہ جاری کیا

ہماری بلدیاتی الیکشن کی تیاری مکمل ہے، درخواست ہے کہ انتخابات کے لئے 20 جنوری کے بعد کی تاریخ دی جائے، ہمیں الیکشن تیاری کے لئے دو ماہ چاہئیں، چیف سیکرٹری پنجاب

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کا پہلا مرحلہ 7 فروری کو منعقد کرنے کا فیصلہ سنا دیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں 4 رکنی بنچ نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی تاریخ تبدیل کرنے کی درخواست پر سماعت کے بعد محفوظ کیا گیا فیصلہ جاری کیا۔سماعت کے دوران وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق، چیف (بقیہ نمبر 3 4)



راولپنڈی: چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ہیڈ کوارٹرز ایس ایس جی تربیلا میں یادگار شہداء پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کا پی آئی سی کا اچانک دورہ

مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات پر اطمینان کا اظہار

پی آئی سی میں جدید طبی سہولیات، صفائی اور عملے کا رویہ قابلِ تحسین ہے

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف وارڈز میں زیر علاج مریضوں سے فرداً فرداً ملاقات کی اور انہیں (بقیہ نمبر 1)

الیکشن کمیشن کا جے یو آئی کیخلاف فیصلہ برقرار

وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان اور جسٹس عامر فاروق پر مشتمل دو رکنی بنچ نے سماعت کی

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی کیخلاف وفاقی آئینی عدالت کا حکم آگیا جب کہ جے یو آئی کی ایک مخصوص نشست کے تنازع پر سماعت ہوئی، چیف جسٹس امین الدین خان اور جسٹس عامر فاروق پر مشتمل دو رکنی بنچ نے سماعت (بقیہ نمبر 3 7)

یوم اقبال، ملک بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری

محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب نے 9 نومبر کو یوم اقبال کے سلسلے میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) یوم اقبال کے موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ وفاقی حکومت نے یوم اقبال کے موقع پر 9 نومبر بروز پیر کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا۔ کابینہ ڈویژن کی جانب (بقیہ نمبر 3 6)

خاتون بازیابی کیس آئی جی 11 نومبر کو ذاتی حیثیت میں طلب

آپ نے مسنگ خواتین کے معاملے پر اس بندے کو لگا یا دیا ہے جو مصروف رہتے ہیں، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ

کیا ٹک ٹاک بنا کر اپ لوڈ کرنا سروس رولز میں شامل ہے، کیا رولز میں اس کی اجازت ہے، جسٹس مس عالیہ نیلم کا استفسار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے خاتون کی بازیابی کے لیے دائر درخواست پر سماعت کرتے (بقیہ نمبر 3 5)

ٹریفک کے مسائل کا خاتمہ اور 1 ارب 45 کروڑ سے تعمیر شدہ منصوبے پر شفافیت قائم، 6 ہزار سے زائد نئے درخت بھی لگائے گئے

کشمیر چوک انڈر پاس کا افتتاح

منصوبہ محض 27 دنوں میں مکمل

وزیر اعظم کا قوم کی خدمت، پاکستان کی ترقی اور اقوام عالم میں اعلیٰ مقام دلانے کا عزم، کشمیر چوک انڈر پاس منصوبہ 27 روز میں مکمل کرنا غیر معمولی کارنامہ اور ایس سی او کانفرنس کی تیاریوں کا عملی ثبوت ہے

شہر کی خوبصورتی اور ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانا ہماری ذمہ داری ہے، اس منصوبے سے علاقے میں ٹریفک کے مسائل حل کرنے میں بہت مدد ملے گی، اگلے سال ایس سی او کانفرنس منعقد ہوگی

اسلام آباد کو مزید سرسبز بنانے کیلئے درختوں کی تعداد میں کئی گنا اضافہ کریں گے، وفاقی دارالحکومت میں سفاری پارک کے قیام کے لئے بین الاقوامی کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کر لی گئی ہیں، وزیر اعظم

اسلام آباد (اے پی پی): وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے قوم کی خدمت، پاکستان کی ترقی اور اسے اقوام عالم میں اعلیٰ مقام دلانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شبانہ روز محنت، مستعدی اور اجتماعی کاوشوں کے ذریعے ملک کی ترقی و خوشحالی کی منزل کا حصول ممکن ہے، کشمیر چوک انڈر پاس منصوبہ 27 روز میں مکمل کرنا غیر معمولی کارنامہ ہے، منصوبے کی تکمیل سے علاقے میں ٹریفک کے مسائل حل کرنے میں مدد ملے گی، یہ منصوبہ آئندہ سال ایس سی او کانفرنس اور دیگر اہم تقریبات کے لئے تیاریوں کا عملی ثبوت ہے۔۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں کشمیر چوک انڈر پاس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آج (بقیہ نمبر 2)



وزیر اعظم محمد شہباز شریف اسلام آباد میں کشمیر انڈر پاس کا افتتاح کر رہے ہیں، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی بھی ہمراہ ہیں

میر بالاج قتل کیس کی سماعت 19 نومبر تک ملتوی، گواہ طلب

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل سیشن جج افضال ثاقب نے امیر بالاج قتل کیس کی سماعت 19 نومبر تک ملتوی کرتے ہوئے آئندہ تاریخ پر مقدمے کا ریکارڈ اور گواہ (بقیہ نمبر 3 9)

انتخابی اصلاحات کمیٹی کیلئے سینیٹ ارکان کا فیصلہ جلد ہوگا، طارق فضل

مسلم لیگ (ن) لیگ، پی پی، پی ٹی آئی کو 2 نشستیں دی جائیں گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ انتخابی اصلاحات کمیٹی کے لیے سینیٹ کے ارکان کا فیصلہ بھی جلد ہوگا، مسلم لیگ (ن)، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی کو دو، دو نشستیں دی جائیں گی۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اے این پی، (بقیہ نمبر 3 8)

فصلوں کی باقیات جلانے پر 100 فیصد کنٹرول کا حکم

وزیر اعلیٰ مریم نواز کا بعض اضلاع میں بیوٹیفکیشن پلان کی تکمیل اور معیار میں تساہل برتنے پر اظہار برہمی

اوکاڑہ اور دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو فصلوں کی باقیات جلانے کے واقعات پر کنٹرول نہ کرنے پر وارننگ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز کی کارکردگی سے متعلق خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب پرفارمنس مینجمنٹ یونٹ کے سربراہ معاون خصوصی شعیب مرزا نے ہر ضلع سے متعلق کے پی آئی رپورٹ پیش کی ۔(بقیہ نمبر 5 1)



وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ڈپٹی کمشنرز کی کارکردگی سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

وزیر اعظم کا فیول ریلیف پروگرام شفافیت پر اطمینان کا اظہار

وزیر اعظم شہباز شریف کا پیٹرول ریلیف کی سہولت نہ دینے والے پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کا حکم

ٹیکنالوجی پر مبنی سبسڈی اسکیم مستقبل میں عوامی فلاح و بہبود کے ایسے اقدامات کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگی، شہباز شریف

اسلام آباد (این ای این) وزیر اعظم نے فیول ریلیف پروگرام کی سہولت فراہم نہ کرنے والے پیٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کا حکم دے دیا اور سبسڈی پر اب تک کی پیشرفت و شفافیت پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا، جس میں پروگرام پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعظم نے کہا (بقیہ نمبر 4 0)

قتل، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو مرکزی ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ مورگاہ پولیس کی ایک کارروائی کے دوران قتل، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو مرکزی ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 4 2)

علی ڈار کو بین الاقوامی تعاون کا اضافی قلمدان سونپ دیا گیا

آفس آف انٹرنیشنل کوآرڈینیشن اینڈ کوآپریشن کے سربراہ بھی مقرر

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب علی ڈار کو بین الاقوامی تعاون کا اضافی قلمدان سونپ دیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ان کا نیا پورٹ فولیو مشیر برائے مصنوعی ذہانت، بین الاقوامی تعاون و خصوصی اقدامات ہوگا، جبکہ اس حوالے سے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر آفس آف انٹرنیشنل کوآرڈینیشن اینڈ کوآپریشن (او آئی سی اے سی) قائم کیا گیا ہے (بقیہ نمبر 4 1)

نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے برطانیہ کے وزیر مملکت برائے سلامتی ڈین جاروس کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

مائیگریشن، تجارت، سرمایہ کاری اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مابین اشتراک کار کو مزید فروغ دینے پر یکسانیت فکر

آر فور پلس ای فور (R4+E4) فریم ورک اور بین الاقوامی پیش رفت پر تبادلہ خیال، دوطرفہ امور پر مسلسل رابطہ رکھنے کی تاکید

اسلام آباد: (این ای این) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے برطانیہ کے وزیر مملکت برائے سلامتی ڈین جاروس نے ملاقات کی۔ جمعرات کو دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں دونوں جانب سے پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں سلامتی، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مابین تعاون، مائیگریشن، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ فریقین نے علاقائی اور بین الاقوامی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا اور آر فور پلس ای فور فریم ورک کے تحت جاری تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ (بقیہ نمبر 3 5)



اسلام آباد: نائب وزیر اعظم/وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار وزارت خارجہ میں برطانیہ کے وزیر مملکت برائے سلامتی مسٹر ڈین جاروس سے ملاقات کر رہے ہیں

تمام پیا سکولوں میں طلباء کی فزیکل ویری فکیشن کا فیصلہ

جعلی انرولمنٹ ثابت ہونے پر سکول کا لائسنس منسوخ کر دیا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے تمام پیا سکولوں میں طلباء کی فزیکل ویری فکیشن کا فیصلہ کر لیا گیا۔ پنجاب کے 41 اضلاع میں لائسنسی سکولوں میں طلباء کی (بقیہ نمبر 5 2)



لڑکیاں این سی اے میں قائد اعظم محمد علی جناح کے 150 ویں یوم پیدائش کی مناسبت سے منعقدہ نمائش دیکھ رہی ہیں

ساہیوال کے 177 کاشتکاروں میں ٹریکٹر تقسیم

17 ارب روپے کی اضافی بلاسود رقم فراہم کی جا رہی ہے، وزیر زراعت عاشق کرمانی

ساہیوال (این این آئی) صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت ضلع ساہیوال کے کامیاب کاشتکاروں میں ٹریکٹرز تقسیم کیے۔ ضلع کے مجموعی طور پر 205 کاشتکار کامیاب قرار پائے (بقیہ نمبر 5 4)

چائلڈ میرج ایکٹ 2026 کا ماضی سے اطلاق غیر قانونی قرار

قانون کے نفاذ سے قبل ہونے والی شادی کے معاملے میں لڑکی کو کم عمر قرار دے کر دارالامان بھیجنے کا حکم کالعدم

قانون کو ماضی سے لاگو کر کے کسی کے خلاف کارروائی کی بنیاد نہیں بنایا جا سکتا، جسٹس خالد ابن عزیز کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ 2026 کے ماضی سے اطلاق کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے قانون کے نفاذ سے قبل ہونے والی شادی کے معاملے میں لڑکی کو کم عمر قرار دے کر دارالامان بھیجنے کا حکم کالعدم کر دیا۔ عدالت نے قرار دیا ہے کہ کسی نئے قانون کا اطلاق اس کے نفاذ سے قبل ہونے والے واقعات پر نہیں کیا جا سکتا اور قانون کو ماضی سے لاگو کر کے کسی کے (بقیہ نمبر 5 5)

ڈی پی او اوکاڑا کیپٹن (ر) علی بن طارق کی تھانہ جنڈ میں کھلی کچہری

اوکاڑا (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑا کیپٹن (ر) علی بن طارق نے تھانہ جنڈ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ ڈی پی او اوکاڑا نے شہریوں کی شکایات تفصیل سے سنیں اور ان کے فوری حل کے لیے (بقیہ نمبر 5 6)

ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کے زیر صدارت منعقدہ اجلاس

ضلع چکوال و تلہ گنگ میں جاری ویکسی نیشن راؤنڈ کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں انسداد پولیو کی خصوصی مہم کے تحت ضلع چکوال و تلہ گنگ میں جاری ویکسی نیشن راؤنڈ کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سعید اختر نے پولیو مہم کے تیسرے روز تک کی کارکردگی کے بارے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مہم کے پہلے تین روز کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 2 لاکھ 28 ہزار 912 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جا چکے ہیں۔

چکوال ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر کا شکف خالد بٹ سے ملاقات

ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر چکوال کا شکف خالد بٹ کا عوامی خدمت پر مبنی طرز عمل، شہری مسائل کے حل اور دفتری سہولتوں کی فراہمی پر خصوصی توجہ

شہریوں کو غیر ضروری دفتری مراحل اور بار بار کے چکروں سے بچانا، ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، کا شکف خالد بٹ

چکوال (خاور شہزاد) ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر چکوال کا شکف خالد بٹ سے ملاقات کے دوران مختلف دفتری و انتظامی امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ اس موقع پر انہوں نے شہریوں کو بہتر دفتری سہولتوں کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کو اپنی ترجیحات میں شامل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اکاؤنٹ آفس آنے والے ہر شہری کی بھرپور کوشش ہوتی ہے کہ اس کا کام ترجیحی بنیادوں پر اور غیر ضروری تاخیر کے بغیر مکمل کیا جائے، تاکہ لوگوں کو ایک ہی کام کے لیے بار بار دفتر کے چکر نہ لگانے پڑیں۔ ان کا کہنا (بقیہ نمبر 3)



ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر چکوال کا شکف خالد بٹ سے ملاقات کے موقع پر

ان ڈرائیو ڈرائیور سے گن پوائنٹ پر گاڑی چھیننے والا مرکزی ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) رواٹ پولیس کی ایک کارروائی کے دوران 3 روز قبل ان ڈرائیو ڈرائیور سے گن پوائنٹ پر گاڑی چھیننے والا مرکزی ملزم گرفتار کر لیا گیا جس کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کی کار اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 44)

پولیو ٹیم کی ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ، ملزم فرار

فائرنگ کرنے والے مسلح افراد کی تلاش کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے

مہمند (این این آئی) مہمند کے علاقے یکہ غنڈ میں پولیو ٹیم کی ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر دی۔ تفصیلات کے مطابق فائرنگ سے پولیس اہلکار بچ گئے جبکہ حملہ آور فرار ہو گئے۔ ڈی پی او مہمند رضا محمد خان کے مطابق پولیس ٹیم پولیو ڈیوٹی پر مامور تھی کہ مسلح افراد نے فائرنگ کر دی، علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔

چوہدری جاوید کوثر انسداد دہشت گردی کی عدالت کے باہر سے گرفتار

گوجر خان (این این آئی) صوبائی حلقہ پی پی 8 سے دوسری مرتبہ منتخب ہونے والے پاکستان تحریک انصاف کے رکن صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید کوثر کو راولپنڈی میں انسداد دہشت گردی کی عدالت کے باہر سے گرفتار کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت کے سلسلے میں چوہدری جاوید کوثر (بقیہ نمبر 4 5)

یورپی یونین کے سفیر کا لاہور میوزیم کا دورہ، قدیم نوادرات میں دلچسپی

ریمونڈ اس کاروبلس نے تاریخی گیلریوں کا معائنہ کیا، ثقافتی ورثے کو سراہا

لاہور (این این آئی) یورپی یونین کے پاکستان میں سفیر ریمونڈ اس کاروبلس نے لاہور میوزیم کا دورہ کیا، غیر ملکی وفد نے قدیم نوادرات اور تاریخی گیلریوں کا معائنہ کیا۔ یورپی یونین کے سفیر ریمونڈ اس کاروبلس کے ہمراہ یورپی یونین وفد کے اراکین بھی موجود (بقیہ نمبر 4 7)



وزیر اعظم شہباز شریف پولیو کے خاتمے سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پولیو ورکر پر کالا سانپ پھینکنے والا مداری گرفتار

خاتون ورکر کو ہراساں کرنے اور دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) سانپ پھینک کر پولیو ورکر کو ہراساں کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق سندر پولیس نے پیشہ ور مداری مشتاق کو گرفتار کیا۔ ملزم نے دورانِ ڈیوٹی خاتون پولیو ورکر پر مبینہ طور پر کالا سانپ پھینکا اور (بقیہ نمبر 4 9)

ٹک ٹاکر پتلو کا بھائی پولیس کے خلاف لاہور ہائیکورٹ پہنچ گیا

دو افراد کی ہلاکت کے بعد ہراساں کرنے اور انتقامی کارروائیوں کا الزام

لاہور (این این آئی) سیالکوٹ میں بھگدڑ کے دوران دو افراد کی ہلاکت کے واقعے کے بعد ٹک ٹاکر پتلو کے بھائی محمد کاشف نے پولیس پر ہراساں کرنے اور انتقامی کارروائیوں کا الزام عائد کرتے ہوئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ تاہم ہائیکورٹ (بقیہ نمبر 5 0)

نئے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مسلسل تربیت ناگزیر ہے، فیلڈ مارشل

ایس ایس جی کو بدلتے ہوئے سیکیورٹی خطرات کے مقابلے میں برتری برقرار رکھنے کے لیے اعلیٰ معیار کی تیاری جاری رکھنا ہوگی

چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر کا ہیڈ کوارٹرز ایس ایس جی تربیلا کا دورہ، جہاں انکی آمد پر جی او سی ایس ایس جی نے استقبال کیا

راولپنڈی (این ای این) فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ اور نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل تربیت اور مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کی ترقی اور آپریشنل تیاریوں پر غیر متزلزل توجہ ضروری ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ہیڈ کوارٹرز ایس ایس جی تربیلا کا دورہ کیا جہاں ان کی آمد پر جی او سی ایس (بقیہ نمبر 43)



راولپنڈی: چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر فورسز ہیڈ کوارٹرز ایس ایس جی تربیلا میں جدید ترین ہتھیاروں اور ساز و سامان کی نمائش کا معائنہ کر رہے ہیں

یو ای ٹی لاہور کے 33 ویں کانووکیشن کی تیاریاں مکمل

گورنر پنجاب و چانسلر سردار سلیم حیدر خان تقریب کے مہمانِ خصوصی ہوں گے

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ای ٹی) لاہور کے 33 ویں سالانہ کانووکیشن کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ کانووکیشن کی پروقار تقریب 10 نومبر 2026ء بروز منگل کو صبح 30:9 بجے یونیورسٹی کے جدید نیو آڈیٹوریم کمپلیکس میں (بقیہ نمبر 46)

ڈپٹی کمشنر سرگودھا کا ڈی ایچ کیو ہسپتال ٹیچنگ کا اچانک دورہ

ڈپٹی کمشنر کی انتظامیہ کو جاری اصلاحاتی اقدامات کی رفتار تیز کرنے اور ان پر موثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

مریضوں کے بڑھتے ہوئے رش کے پیش نظر ایمرجنسی وارڈ کو مزید کشادہ کرنے اور بیڈز میں اضافہ کرنے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں

سرگودھا (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال ٹیچنگ کے اچانک دورہ پر صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے ساتھ لیبارٹریز، وارڈز، واش رومز میں صفائی کے یکساں اور معیاری انتظامات کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق صفائی اور مریضوں کو سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ زرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے ڈی ایچ کیو (ڈاکٹر فیصل مسعود) ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ کرتے ہوئے ہسپتال انتظامیہ کو صفائی کا نظام بہتر بنانے کے ساتھ واش رومز، لیبارٹری اور وارڈز میں صفائی کے یکساں انتظامات اور مریضوں کے بڑھتے ہوئے رش کے (بقیہ نمبر 48)



لاہور، ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو چیف پاپولیشن کونسل کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بجلی مزید مہنگی؟

نیپرا نے سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی کی جانب سے 2027ء میں بجلی کے بنیادی ٹیرف میں آٹھ فیصد اضافے کی تجویز پر فیصلہ محفوظ کرلیا ہے۔سی پی پی اے نے مجوزہ اضافے کا جواز عالمی منڈی میں تیل' ایل این جی اور کوئلے کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ' درآمدی ایندھن کی غیر یقینی دستیابی اور بجلی کی طلب میں اضافے کو قرار دیا ہے۔بلاشبہ علاقائی کشیدگی اور عالمی منڈی میں ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا لیکن ہر بیرونی مشکل کا حل عوام پر مزید مالی بوجھ ڈالنا نہیں ہے۔آخر کب تک توانائی کے شعبے کی ناقص منصوبہ بندی' مہنگے پیداواری معاہدوں اور انتظامی خامیوں کی قیمت عام صارف ادا کرتا رہے گا؟ عوام پہلے ہی مہنگی پٹرولیم مصنوعات اور بھاری یوٹیلیٹی بلوں کے باعث شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں۔

ایسے حالات میں بجلی کی قیمتوں میں مزید اضافہ عوام کی قوتِ خرید کو مزید محدود اور معاشی مشکلات کو سنگین بنا سکتا ہے۔نیپرا کو چاہیے کہ صارفین پر غیر ضروری مالی بوجھ منتقل ہونے سے روکے۔حکومت کو یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ بجلی مہنگی کرتے رہنے سے توانائی کے شعبے کے بنیادی مسائل حل نہیں ہوں گے۔حکومت کو چاہیے کہ مہنگے درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرکے مقامی وسائل اور قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار بڑھائے۔اسی طرح آئی پی پیز کے معاہدوں پر نظرثانی کرے تاکہ بجلی کی قیمت میں کمی آسکے۔

باپ بیٹے کی لوٹ مار پر مبنی کولیکشن

خالد مسعود خان

یہ مسافر اپنی آوارہ گردی کے دوران پرانی عمارتیں' قدیم قلعے' تاریخی محلات' عجائب گھر اور قدرتی مناظر کو دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی اور دل شاد کرتا ہے۔قلعوں سے اس مسافر کو خاص دلچسپی ہے۔اب میں اس کی کوئی منطقی وجہ تو نہیں بتا سکتا۔ویسے بھی کسی چیز کو پسند کرنے کیلئے کسی منطقی وجہ کا ہونا ضروری نہیں' بس یہی کافی ہے کہ وہ آپ کو پسند ہے۔قلعوں کی بات ہوئی تو اس مسافر کے دل میں گزشتہ کئی سال سے ویلز میں بنے ہوئے ایک قلعے کو دیکھنے کی بڑی خواہش تھی۔کئی بار اس قلعے کو دیکھنے کا پروگرام بھی بنا لیکن پروگرام بننے اور اس کے تکمیل پذیر ہونے کے درمیان جو عوامل اور مراحل ہوتے ہیں' وہ آپ کے بس میں نہیں ہوتے۔میرے ساتھ بھی یہی ہوتا رہا۔شدید خواہش کے باوجود کہیں نہ کہیں معاملہ گڑبڑ ہو جاتا اور یہ قلعہ دیکھنے سے رہ جاتا تھا۔یہ قلعہ ویلز کے علاقے مڈویلز کے قصبے ویلش پول میں واقع' پووس کاسل ہے۔یہ ایک چھوٹا سا قلعہ ہے بلکہ یہ قلعہ کم اور قلعہ نما ایک شاہانہ رہائشی عمارت زیادہ ہے۔جسے کسی برطانوی حکمران کے بجائے مقامی ویلش شہزادے Gruffudd ap Gwenwynwyn نے تعمیر کروایا۔یہ چھوٹی سی پہاڑی کے اوپر بنا ہوا ہے اور اس کی ایک خاص بات اس کے ساتھ موجود وسیع و عریض باغات ہیں۔قدامت' خوبصورتی اور مختلف اقسام کے درختوں کے مجموعے اور اس باغ کے مختلف تختے اسے دنیا کے چند قابلِ دید باغات میں سے ایک باغ بناتے ہیں۔تاہم میری اس قلعے سے دلچسپی ان باغات کی وجہ سے بہر حال نہیں ہے۔اس قلعے سے میری دلچسپی کی وجہ برصغیر پاک و ہند کی تاریخی اشیا کا وہ مجموعہ ہے جو اس قلعے میں ٹکٹ کے ذریعے دیدارِ عام کیلئے رکھا ہوا ہے۔بظاہر تو ساری اشیا کلائیو کولیکشن کہلاتی ہیں' اور انہیں یہ نام 1765-67ء کے دوران بنگال کے گورنر رابرٹ کلائیو' جسے کلائیو آف انڈیا بھی کہا جاتا ہے اور پھر اسی کے بیٹے ایڈورڈ کلائیو جو 1798ء تا 1803ء تک مدراس کا گورنر رہا' کی جمع کردہ اشیا کے باعث دیا گیا۔یہ ساری کولیکشن اصل میں دونوں باپ بیٹے کے لوٹ مار کردہ نوادرات پر مشتمل ہے۔جب انگریزوں نے 23 جون 1757ء کو میر جعفر کی غداری کے باعث نواب سراج الدولہ کو جنگ پلاسی میں شکست دی اور بنگال پر قبضہ کرتے ہوئے ہندوستان میں باقاعدہ برطانوی اقتدار کی بنیاد رکھی' تب اس جنگ میں رابرٹ کلائیو ایسٹ انڈیا کمپنی اور برطانوی فوج کا کمانڈر انچیف تھا۔یہ بھی محض اتفاق ہے کہ جب 3 اپریل سے 4 مئی 1799ء کے دوران ٹیپو سلطان اور انگریزوں کے درمیان سرنگاپٹم کی چوتھی اور آخری فیصلہ کن جنگ لڑی گئی' اس وقت مدراس کا گورنر ایڈورڈ کلائیو تھا جو رابرٹ کلائیو کا سب سے بڑا بیٹا تھا۔دونوں باپ بیٹوں نے نواب سراج الدولہ اور ٹیپو سلطان سے تعلق رکھنے والی تاریخی اور قیمتی اشیا چپت کرلیں اور واپسی پر اپنے ساتھ برطانیہ لے آئے۔تب برطانیہ میں ایسی لوٹی گئی اشیا کو سرکاری خزانے المعروف توشہ خانہ میں جمع کرانے کا کوئی رواج نہ تھا۔جس نے جو شے لوٹ لی' وہ اسی کی ملکیت قرار پائی۔

1200ء کے لگ بھگ سرخ پتھر سے بنا ہوا یہ قلعہ نما محل بعد ازاں 1557ء میں ہربرٹ خاندان نے خرید لیا اور اسے قلعے سے ایک پُرتعیش رہائش گاہ میں بدل دیا۔اس قلعے کے ساتھ موجود باغات زیادہ تر ہربرٹ خاندان کے دور میں لگائے گئے اور خاص طور پر اس کے فرانسیسی اور اطالوی طرز کے سیڑھی دار تختوں پر مشتمل باغات کو حقیقی خوبصورتی چوتھے ارل آف پووس کی اہلیہ کاؤنٹس وائٹ لین فوکس نے دی جب اس نے دنیا بھر سے خوبصورت اور نایاب پودے منگوا کر انہیں اس باغ کی زینت بنایا اور یوں اس باغ کو اس نے دنیا کے خوبصورت ترین باغات میں سے ایک بنا دیا۔

مئی 1784ء میں رابرٹ کلائیو کے سب سے بڑے بیٹے ایڈورڈ کلائیو کی شادی پہلے ارل آف پووس ہنری آرتھر ہربرٹ کی بیٹی لیڈی ہنریٹا انٹونیا ہربرٹ سے ہوئی۔ہنری آرتھر ہربرٹ کے مرنے کے بعد اس کے بیٹے جارج ہربرٹ کو ارل آف پووس کے خطاب سے نوازا گیا۔1801ء میں ہربرٹ کا انتقال ہوا تو یہ خطاب معطل کردیا گیا تاہم 1804ء میں انگریز حکومت نے اس خطاب کا دوبارہ اجرا کرتے ہوئے ایڈورڈ کلائیو کو پہلے ارل آف پووس (حقیقتاً وہ تیسرا ارل آف پووس تھا) کا خطاب عطا کرکے یہ روایت دوبارہ قائم کردی۔اس طرح یہ قلعہ کلائیو خاندان کے تصرف میں آ گیا۔چوتھے ارل آف پووس جارج چارلس ہربرٹ کا بڑا بیٹا پرسی رابرٹ ہربرٹ جو فوج میں کیپٹن تھا' 1916ء میں پہلی جنگ عظیم کے دوران اور چھوٹا بیٹا مورین ہوراٹیو ہربرٹ جو رائل ایئرفورس میں پائلٹ تھا' دوسری جنگ عظیم میں جہاز کے حادثے میں مارا گیا۔جارج ہربرٹ نے 1952ء میں مرنے سے پہلے قلعے کے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے اسے نیشنل ٹرسٹ کی تحویل میں دے دیا۔

گزشتہ تین چار سال سے میں جب بھی برمنگھم گلاب خان کے پاس گیا' بھاگ دوڑ میں ہی گیا۔ہم ہر بار پووس کاسل جانے کا ارادہ بناتے مگر میری طرف سے ہی کوئی ایسی اڑچن آن پڑتی کہ بس یہی کام رہ جاتا۔اس بار میں نے برمنگھم جانے سے قبل ہی گلاب خان سے پووس کاسل جانے کا پروگرام بنا لیا۔جس روز برمنگھم پہنچا' سردی اور بارش بھی میرے ہمراہ اسی روز وہاں پہنچیں۔ٹرین سے اترا تو بارش شروع ہوگئی۔دو دن بعد برمنگھم نے مجھے اور بارش کو ایک ساتھ الوداع کہا۔مجھے کبھی سمجھ نہیں آئی کہ میں گلاب خان سے اپنے تعلق اور رشتے کو کیا نام دوں' میری دوستی گلاب خان کے والد حاجی فضل خان چانڈیہ سے ہے۔فضل خان عرصۂ دراز سے ملتان میں چشموں کا کاروبار کرتے ہیں۔اس عاجز کو بہت چھوٹی عمر میں عینک کی ضرورت پڑ گئی تھی سو مختلف چشمہ سازوں سے ہوتے ہوئے میں بالآخر حاجی فضل صاحب کے پاس پہنچ گیا۔پھر ہمارے درمیان سے عینکیں اور چشمے نکل گئے اور دوستی کا ایسا تعلق بنا کہ چشمہ تو اب سالوں بدلوانے کی نوبت نہیں آتی۔حاجی فضل کی دکان کے اوپر ان کا ریٹائرنگ روم کبھی ملتان میں دوستوں کی منڈلی جمانے کے کام آتا تھا' اب حاجی صاحب زیادہ تر گھر رہتے ہیں اور کاروبار کو تقریباً تقریباً خیرباد کہہ چکے ہیں۔دکانوں کو ان کے عزیز سنبھالے ہوئے ہیں۔جب ہمیں اپنے دوست حاجی فضل خان کے بیٹے ہونے کے حیثیت سے گلاب خان جہیز میں ملا تو صرف ہمارا بھتیجا تھا' پھر اس کی محبت نے کئی درجے طے کرتے ہوئے دوستی کی شکل اختیار کرلی' تاہم کبھی وہ چھوٹے بھائیوں جیسا لگتا ہے اور اس کی بیگم ہمیں اپنی بہو لگتی ہے۔میرے بچوں کو تو پہلے سمجھ نہیں آتی تھی کہ وہ اپنے والد کے دوست کو کیا کہیں۔تاہم اب انہوں نے یہ سمجھ لیا ہے کہ گلاب خان ان کا بھائی ہے اور اس کی بیگم ان کی باجی ہیں۔بچوں کے رشتوں کا تعین ہو چکا ہے لیکن یہ عاجز ابھی تک دوست' برادر خورد اور بھتیجے کے درمیان میں کوئی ایک پکا رشتہ طے نہیں کر پایا۔برطانیہ جاؤں اور گلاب خان کے پاس نہ جاؤں یہ بھلا کیسے ممکن ہے۔میرے جانے پر گلاب خان اپنے سارے کام چھوڑ کر صرف اور صرف میرے طے کردہ شیڈول کی تکمیل میں لگ جاتا ہے۔موسم اگلے دو دن بارش دکھا رہا تھا اور میرے پاس یہی دو دن تھے۔اگلی صبح جب میں اور گلاب خان دو گھنٹے کے فاصلے پر واقع پووس کاسل کی جانب روانہ ہوئے تو برطانیہ کی مخصوص بارش اپنا رنگ دکھا رہی تھی۔یہ مخصوص بارش ہم جیسوں کیلئے بڑی بیزار کن ہے۔نہ رکتی ہے اور نہ کھل کر برستی ہے۔

قلعہ بالا حصار اور جرنیلی سڑک

سعود عثمانی

پشاور کا قدیم قلعہ بالا حصار خاموش تھا۔بالا حصار اور سامنے بچھی ہوئی رواں دواں جرنیلی سڑک ایک دوسرے کو تکتے تھے۔قلعہ بالا حصار نے حیرانی اور خاموشی سے یہ منظر دیکھے کہ پشاور میں حکومت بدل گئی' نئے حکمران آ گئے اور پرانے حکمران اسیر ہو گئے۔نہ انکی کوئی خبر آتی ہے' نہ بیان۔پرانے کوتوال' داروغہ اور عمال معزول کر دیے گئے۔نئے لوگوں نے مسندیں سنبھال لیں۔سب کچھ ہو گیا لیکن ایسے جیسے کچھ نہیں ہوا۔قصہ خوانی اور نمک منڈی میں چپل کباب اور نمکین گوشت کی مہک اسی طرح' اور ارغوانی قہوے کی محفلیں اسی طرح سج رہی ہیں۔ایسی تبدیلی قلعہ بالا حصار نے پہلے کب دیکھی تھی۔

بالا حصار کو 1826ء کا زمانہ یاد آنے لگا۔قلعہ لاہور کے عجائب گھر میں ایک حنوط شدہ گھوڑی کھڑی یاد آئی۔گھوڑی کا نام لیلیٰ تھا اور اس لیلیٰ کے ایک نہیں کئی مجنوں تھے۔ایک سے ایک بڑا عاشق اور ایک سے ایک بڑا حکمران۔لیلیٰ پشاور کے حکمران یار محمد خان کی ملکیت تھی۔یار محمد خان کا بھائی اسی دور میں کابل کا حکمران تھا۔لیلیٰ کی خوبصورتی اور خصوصیات کی شہرت دور دور تک پہنچی ہوئی تھی اور بڑے بڑے حکمران' جن میں شاہِ روم بھی شامل تھا' اس کیلئے خطیر رقم کی پیشکش یار محمد خان کو کر چکے تھے لیکن اسے اس گھوڑی سے عشق تھا اور وہ کسی قیمت پر اسے جدا کرنے کو تیار نہیں تھا۔تختِ لاہور کے سردار رنجیت سنگھ تک لیلیٰ کی خوبصورتی اور خصوصیات کی تفصیلات پہنچیں تو اعلیٰ گھوڑوں کا یہ شائق بے قرار ہو گیا۔وہ ہر قیمت پر یہ گھوڑی حاصل کرنا چاہتا تھا' چاہے اس کیلئے کتنی ہی ماؤں کے جوان بیٹے اور کتنی ہی عورتوں کے سہاگ قربان ہو جائیں۔سکھا شاہی کا دبدبہ پشاور کے حکمران کو لرزاتا تھا لیکن اس نے رنجیت سنگھ کا ہر مطالبہ ٹھکرا دیا۔اس کا ایک پہلو یہ بھی تھا کہ کسی حکمران کی طرف سے مطالبے پر گھوڑے کا دیا جانا ایک طرح سے سر اطاعت خم کرنے کے مترادف سمجھا جاتا تھا۔سکھ فوجیں پشاور پہنچنے لگیں تو وہ لیلیٰ کو لے کر پہاڑوں کی طرف فرار ہو گیا۔ایک بار نہیں' بار بار کی جنگوں اور سفارتوں کی جزئیات قلعہ بالا حصار کے سینے میں دفن ہیں۔لیلیٰ کو تو بالآخر بہت سی جنگوں کے بعد رنجیت سنگھ نے حاصل کر لیا لیکن ٹرائے کے ٹروجن ہارس کے بعد یہ پہلی گھوڑی تھی' جس کے سبب پشاور کی وادیاں بار بار لالہ رنگ ہوئیں۔

قلعہ بالا حصار 2026ء میں بھی اپنی بلند فصیلوں کے ساتھ جرنیلی سڑک پر کھڑا ہے۔اب ان خونیں معرکوں کو 200 سال بیت چکے ہیں۔کچھ ہی دن پہلے کی بات ہے' قلعے کے اطراف نعروں اور للکاروں سے گونجتے تھے۔لگتا تھا حکومت گرائی جائے گی تو اس بار زیادہ خون بہے گا۔لیکن قلعے کو حیرت ہے کہ اس بار معرکے میں نہ کوئی جانی نقصان ہوا اور نہ ہی کوئی زخمی ہوا۔نہ توپیں گرجیں اور نہ کوئی سپاہی فصیل پر کمند ڈال کر چڑھا۔سب کچھ اس طرح خاموشی سے بدل گیا جیسے دن رات میں اور رات دن میں بدلتے ہیں۔بالا حصار ان نعرے بازوں اور للکارنے والوں کو تلاش کرتا ہے جو کچھ دن پہلے یہیں تھے اور اب کہیں نظر نہیں آتے۔قلعے کو یاد ہے کہ 200 سال پہلے کے حکمران کو بھی سمجھایا گیا تھا کہ ایک گھوڑی کیلئے ہزاروں نوجوانوں کو مروا دینا کوئی دانشمندی نہیں لیکن اس نے ایک نہیں سنی۔وہ اپنی جذباتیت' اپنے گھمنڈ اور اپنے عشق میں وہ سب کچھ پڑھنے سے قاصر تھا جو قلعے کی دیواروں پر لکھا نظر آ رہا تھا۔200 سال بعد 2026ء کے معزول حکمران کو بھی دانشمندوں اور خیر خواہوں نے بہت سمجھایا کہ یہ آخری قلعہ اپنی جذباتیت اور غیر دانشمندی کی نذر نہ کریں۔معاملات تدبر اور حکمت سے سلجھانے چاہئیں۔اپنے اسیروں کو رہا کرانے اور قلعے کو محفوظ رکھنے کا یہی راستہ ہے۔یہ دیواروں پر لکھا ہوا سب کو نظر آ رہا تھا لیکن جذباتیت اور گرم خون ہر بار عقل کا راستہ روک لیتے ہیں۔

بالا حصار کو حیرانی ہے کہ زمین کے طول و عرض میں لوگ حکومت کی تبدیلی پر احتجاج کیلئے نہیں نکلے۔یہ کیا ہوا اور کیسے ہوا۔یہ گھرانہ تو لاکھوں لوگوں کو سڑکوں پر لایا کرتا تھا' اس کی عوامی طاقت تھی۔وہ سب کہاں گئے! جو ہو چکا اس سے زیادہ کیا ہو سکتا تھا! لیکن سکوت نہیں ٹوٹا۔کہیں اگر بحث ہو رہی ہے تو پشاوری حکومت کی معزولی پر نہیں بلکہ ایک الگ معاملے پر۔سکوت اگر کہیں ٹوٹا تو صرف دارالحکومت کے ایوانوں میں جہاں کرسیوں پر بیٹھے وزیروں' ایک سابقہ اور ممکنہ طور پر نئے خواہشمند حکمران کے درمیان زبانی جھڑپیں ہوئیں۔یہ زبانی تلواریں پشاوری حکومت کی معزولی سے متعلق اتنی نہیں تھیں جتنی باتیں ایک دوسرے کے کردار سے متعلق کی گئیں۔معتوب' معزول گروہ کا ان زبانی جھڑپوں میں حصہ بس اتنا تھا کہ انہوں نے وزیروں کی مذمت کی اور ان کے مخالف کا ساتھ دیا۔یہی کچھ ہے ساقی متاعِ فقیر۔

بالا حصار میں اگر قوتِ گویائی ہوتی تو وہ چند دن پہلے کے تخت نشین اور اب اسیر حاکم کو سمجھاتا کہ حکومتیں صرف طاقت سے نہیں چلا کرتیں۔توپیں اور بندوقیں حفاظت کیلئے ہمیشہ ناکافی ہوتی ہیں۔بڑی توپوں اور زیادہ بندوقوں والے فصیلیں مسمار کر کے محل سرا میں داخل ہو جایا کرتے ہیں۔ہر طاقتور سے اوپر کوئی طاقتور ہوا کرتا ہے۔قلعہ اپنے حاکم کو بتاتا کہ حکومت صرف جذبات کو کرسی پر بٹھا دینے کا نام نہیں۔یہ صرف للکارنے اور نعرے بلند کرنے کا نام نہیں۔حکومت اور حکمت ایک ساتھ مسند نشین ہونی ضروری ہیں۔حکومتیں تدبر' لچک اور استقامت کے بہترین امتزاج سے باقی رہتی ہیں۔ہر دلعزیزی بھی ایک حد تک ہی کام دیتی ہے۔اس کے ساتھ کارکردگی نہ ہو' رعایا کی فلاح کے کام نہ ہوں' وزارتیں معطل پڑی رہیں' وزیروں کو جلسوں ہی سے فرصت نہ ہو' محکمے کام ٹھپ کر کے بیٹھ جائیں کہ تمام عملے کو جلسوں اور جلوسوں میں شامل کرنے کے احکام ہوں' پوری سلطنت میں ہر روز کبھی سرحدوں پر' کبھی شہروں میں خون بہہ رہا ہو تو محض ہر دلعزیزی سے کب تک کام چلایا جا سکتا ہے؟

بالا حصار کو 2013ء یاد آنے لگا۔جب پہلی بار ایک مقبول اور ہر دلعزیز گھرانہ اس کے محلات میں صوبیداروں کے طور پر داخل ہوا۔کیسی خوشی کی لہر پورے ملک میں دوڑی ہوئی تھی۔صرف اس صوبے میں نہیں' ملحقہ صوبوں میں بھی اس کی طاقت سب پر عیاں تھی۔سب سے بڑی بات کہ دارالحکومت میں بھی اس کی طاقت جانی مانی تھی۔کیسی کیسی توقعات' کیسی کیسی امیدیں اس گھرانے سے لگائی جا رہی تھیں۔صوبیداروں اور گھرانے کے سربراہ کے تحریری' تصویری وعدے موجود تھے کہ ہم 90 دن کے اندر کایا پلٹ کر دیں گے۔امن و امان اور انصاف ہر ایک کا مقدر ہو گا۔گروہی لڑائیاں اور اقتدار کی چھینا جھپٹی اپنے اختتام تک پہنچے گی۔لیکن جب پشاور کے صوبیدار کا اعلان ہوا۔خٹک سردار صوبیدار بنا اور یکے بعد دیگرے صوبیدار آتے اور جاتے گئے تو اندازہ ہونے لگا کہ طریق کوہکن میں بھی وہی حیلے ہیں پرویزی۔وہی محلاتی جوڑ توڑ' وہی غلام گردشوں میں سجے سجائے غلام اور وہی لوگوں کی بے لباسی۔صوبیداروں کو اتنی فرصت ہی نہ تھی کہ وہ لوگوں کے مسائل حل کریں۔وہ لوگوں سے صرف جلسوں اور جلوسوں میں ملتے تھے۔صرف دارالحکومت پر چڑھائی کیلئے انہیں بلاتے تھے۔لوگ صرف زخمی ہونے' قید ہونے یا مرنے کیلئے تھے۔اس سے زیادہ ان کا نئے انتظام میں کوئی عمل دخل نہیں تھا۔156 مہینے 13 سالوں میں تبدیل ہو گئے لیکن بدلا کچھ نہیں۔تبدیلی آئی بھی نہیں اور تبدیلی آ بھی نہیں رہی تھی۔

جرنیلی سڑک نے قلعہ بالا حصار کی طرف دیکھا۔دونوں قدیم ساتھی ایک دوسرے کے دکھ پہچانتے تھے۔سڑک نے قلعے سے کہا: تمہیں پتا ہے ہمارے المیے کیا ہیں؟ ہم ان صوبیداروں سے زیادہ تاریخ جانتے ہیں' ان حکمرانوں سے زیادہ دانشمند ہیں' ان عُمال سے زیادہ عوام کا مزاج جانتے ہیں۔یہی ہمارا پہلا المیہ اور پہلا دکھ ہے۔پھر یہ کہ ہماری بات کوئی سنتا نہیں' سنتا ہے تو سمجھتا نہیں۔یہ دوسرا بڑا المیہ' دوسرا دکھ ہے۔بالا حصار خاموشی سے کھڑا رہا۔آج اس میں جرنیلی سڑک سے بات کرنے کی ہمت بھی نہیں تھی۔

SPORTS سپورٹس


اولمپک کھیلوں کی میزبانی کے امیدوار 7 ممالک کے ناموں کی تصدیق

جرمنی، ہنگری، قطر، جنوبی کوریا، جنوبی افریقہ، بھارت اور ترکیہ شامل ہیں، آئی او سی

جنیوا (این این آئی) انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی (آئی او سی) نے 2036 کے اولمپک کھیلوں کی میزبانی میں دلچسپی رکھنے والے 7 ممالک کے ناموں کی تصدیق کر دی جن میں جرمنی، ہنگری، قطر، جنوبی کوریا، جنوبی افریقہ، بھارت اور ترکیہ شامل ہیں۔آئی او سی کے مطابق 31 اکتوبر کی مقررہ آخری تاریخ تک کسی نئے ملک نے میزبانی میں دلچسپی ظاہر نہیں کی جس کے باعث امیدوار ممالک کی فہرست 6 اکتوبر کو جاری کردہ ابتدائی فہرست کے مطابق برقرار ہے۔آئی او سی کی فیوچر ہوسٹ کمیشن کی سربراہ اور کمیٹی کی رکن کولنڈا گرابار کتاروچ نے کہا کہ 2036 کے اولمپکس کا میزبان پہلی مرتبہ مستقبل کی ضروریات کے مطابق متعارف کرائی گئی اصلاحات کے تحت منتخب کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ میزبانی میں مختلف خطوں کے ممالک کی دلچسپی اس بات کی عکاس ہے کہ دنیا بھر میں اولمپکس کی سماجی اور معاشی اہمیت کو تسلیم کیا جاتا ہے۔آئی او سی کے مطابق وہ میزبانی کے خواہش مند تمام 7 ممالک کے ساتھ رابطے میں رہے گی۔

کرسٹیانو رونالڈو کا پرتگال کی قومی فٹبال ٹیم سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

14 گول کیساتھ مردوں کی عالمی فٹبال تاریخ کے سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی ہیں



لزبن (این این آئی) پرتگال سے تعلق رکھنے والے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کا تقریباً 23 سالہ انٹرنیشنل کیریئر اختتام پذیر ہوگیا۔اس سے قبل اکتوبر میں نیشنز لیگ کے دوران ناروے کے خلاف میچ میں نہ کھلائے جانے پر رونالڈو مبینہ طور پر ناراض ہو کر پرتگال ٹیم کا کیمپ چھوڑ گئے تھے۔بعد ازاں رونالڈو نے سوشل میڈیا پر وضاحت کی تھی کہ وہ انٹرنیشنل فٹبال سے ریٹائر نہیں ہو رہے، تاہم ٹیم کا کیمپ چھوڑنے پر انہوں نے خود کو سزا کا مستحق قرار دیا تھا۔کرسٹیانو رونالڈو 18 سال کی عمر میں پرتگال کی قومی ٹیم کا حصہ بنے تھے۔انہوں نے اٹھ 15 سے سینئر قومی ٹیم تک تقریباً 23 سال پرتگال کی نمائندگی کی۔رونالڈو نے اپنے انٹرنیشنل کیریئر میں ریکارڈ 146 گول اسکور کیے۔واضح رہے کہ رونالڈو نے 2003ء میں پرتگال کی جانب سے ڈیبیو کیا تھا اور 233 انٹرنیشنل میچز میں 146 گول کے ساتھ مردوں کی عالمی فٹبال تاریخ کے سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی ہیں۔

عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی
تحصیلدار و راشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کرسکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com



لاہور: جناح پولو فیلڈز کے زیر اہتمام جے پی ایف ٹائٹنز پولو کپ کے مقابلے کا منظر۔(فوٹو این این آئی)

وسیم اکرم کا افغانستان پریمیئر لیگ میں مینٹور بننے سے انکار

لیجنڈری آل راؤنڈر کا پاکستان کرکٹ بورڈ کی پالیسی کے خلاف نہ جانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور لیجنڈری آل راؤنڈر وسیم اکرم نے افغانستان پریمیئر لیگ کا حصہ بننے سے انکار کر دیا۔ذرائع کے مطابق وسیم اکرم کو افغانستان پریمیئر لیگ میں مینٹورشپ کی پیشکش ہوئی تھی، تاہم سابق کپتان نے یہ پیشکش قبول نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ وسیم اکرم نے پاکستان کرکٹ بورڈ کی پالیسی کے خلاف نہ جانے کا فیصلہ کیا ہے۔واضح رہے کہ پی سی بی نے قومی کرکٹرز کو افغانستان پریمیئر لیگ میں شرکت کے لیے این او سی جاری نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ذرائع کے مطابق پی سی بی کی اسی پالیسی کے پیش نظر وسیم اکرم نے بھی افغانستان پریمیئر لیگ کا حصہ نہ بننے کا فیصلہ کیا ہے۔

آئی سی سی پلیئر آف دی منتھ کے لیے 3 کھلاڑی نامزد

پاکستان کے عرفات منہاس سمیت 3 کھلاڑیوں کو نامزد کر دیا ہے

نامزد کھلاڑیوں میں جنوبی افریقہ کے مارکو یانسن اور ویسٹ انڈیز کے شائی ہوپ بھی شامل ہیں

لاہور (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے اکتوبر 2026ء کے مینز پلیئر آف دی منتھ ایوارڈ کے لیے پاکستان کے عرفات منہاس سمیت 3 کھلاڑیوں کو نامزد کر دیا ہے جبکہ نامزد کھلاڑیوں میں جنوبی افریقا کے مارکو یانسن اور ویسٹ انڈیز کے شائی ہوپ بھی شامل ہیں۔آئی سی سی کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق تینوں کھلاڑیوں نے اکتوبر میں بیٹنگ اور بولنگ کے شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔پاکستان کے آل راؤنڈر عرفات منہاس نے انگلینڈ اور سری لنکا کے خلاف ہوم ون ڈے ٹرائی سیریز میں شاندار کھیل پیش کیا۔انہوں نے 5 میچز میں 29.80 کی اوسط اور 119.20 کے اسٹرائیک ریٹ سے 149 رنز بنائے جبکہ 23.22 کی اوسط سے 9 وکٹیں حاصل کیں۔



قومی کرکٹرز کو افغانستان پریمیئر لیگ کیلئے این او سی نہ دینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی کرکٹرز کو افغانستان پریمیئر لیگ میں شرکت کے لیے این او سی جاری نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ذرائع کے مطابق سابق کپتان وسیم اکرم کو افغانستان پریمیئر لیگ میں مینٹور بننے کی پیشکش ہوئی تھی تاہم انہوں نے پی سی بی کی پالیسی کے خلاف نہ جانے کا فیصلہ کیا ہے۔دوسری جانب پی سی بی نے بھی قومی کرکٹرز کو افغانستان پریمیئر لیگ میں شرکت کے لیے این او سی نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔واضح رہے کہ پاکستان کے سابق فاسٹ بولر محمد عامر اس سے قبل افغانستان پریمیئر لیگ کا حصہ بن چکے ہیں۔انہوں نے برطانوی شہری کی حیثیت سے لیگ میں شرکت کی ہے۔

SHOWBIZ شوبز

شوبز میں اپنی پہچان خود بنائی، ابھی بہت سی منزلیں حاصل کرنا باقی ہیں

پہلی دفعہ کیمرے کے سامنے آئی تو آواز کانپ رہی تھی، عالیہ علی کا انٹرویو



لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ عالیہ علی نے کہا ہے کہ ابھی مجھے اپنے فنی سفر میں بہت سی منزلیں طے کرنی ہیں، میں ان فنکاروں میں شامل ہوں جنہوں نے شوبز کی دنیا میں اپنی پہچان اور مقام خود بنایا ہے، انہیں کسی کی سرپرستی یا رہنمائی حاصل نہیں رہی۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ فنکار پیدائشی صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں اور ان کی شخصیت میں بچپن ہی سے کچھ منفرد خصوصیات دکھائی دیتی ہیں۔اداکاروں کے لیے فنی سفر کبھی ختم نہیں ہوتا اور وہ زندگی کے آخری وقت تک اپنے فن سے وابستہ رہتے ہیں، ایک فنکار جتنے بھی کردار ادا کرلے، اسے ہمیشہ محسوس ہوتا ہے کہ ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔عالیہ علی نے اپنے ابتدائی تجربے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جب پہلی مرتبہ اداکاری کی تو میری آواز کانپ رہی تھی اور وہ ٹھیک سے کھڑی بھی نہیں ہو پا رہی تھیں، تاہم مسلسل محنت اور عزم نے انہیں آگے بڑھنے کا حوصلہ دیا، میں نے شوبز میں اپنی پرورش خود کی ہے۔

شوبز میں سادگی اور نرم دلی کا ناجائز فائدہ اٹھایا گیا، عینی طاہرہ

سچ بول کر درجنوں دشمن بنانا ہر کسی کے بس کی بات نہیں، اداکارہ، گلوکارہ کی گفتگو



لاہور (این این آئی) اداکارہ و گلوکارہ عینی طاہرہ نے کہا ہے کہ میری سادگی اور نرم دلی سے بہت سے لوگوں نے فائدہ اٹھایا ہے، کسی کو پریشانی یا مصیبت میں دیکھ کر بے چین ہو جاتی ہوں تاہم بعض لوگ اس کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ تمام لوگ ایک جیسے نہیں ہوتے لیکن جب چند لوگ دھوکہ دیتے اور ہیر پھیر سے کام لیتے ہیں تو انسان دوسروں کے معاملے میں بھی محتاط ہو جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جھوٹ بول کر کسی کو بے وقوف بنایا جا سکتا ہے لیکن سچ بول کر درجنوں دشمن بنانا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔عینی طاہرہ نے کہا کہ غلط کو غلط اور صحیح کو صحیح کہنا میری سب سے بڑی کمزوری ہے اور کبھی اپنے اس اصول پر سمجھوتہ نہیں کرتی۔

فاطمہ آفندی کا پوسٹ پارٹم ڈپریشن سے متعلق انکشاف

وقت کے ساتھ میرے ایمان اور اللہ تعالیٰ کی صفات کو سمجھنے کے انداز میں تبدیلی آئی ہے



کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ فاطمہ آفندی نے اپنی خاندانی تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہوئے ماں بننے کے بعد ڈپریشن (پوسٹ پارٹم ڈپریشن) سے گزرنے اور اس مشکل دور سے نکلنے میں ایمان اور اہلِ خانہ کے کردار سے متعلق جذباتی پیغام جاری کیا ہے۔اداکارہ نے اپنی پوسٹ کے کیپشن میں گود میں موجود ننھی بچی کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے عطا کی گئی خوشیوں کی روشنی قرار دیا ہے۔فاطمہ آفندی نے انکشاف کیا ہے کہ میں گزشتہ 6 ماہ سے شدید پوسٹ پارٹم ڈپریشن کے باعث خود کو تنہا رکھے ہوئے تھی اور لوگوں سے میل جول سے گریز کر رہی تھی، تاہم میرے ایمان نے مجھے اس مشکل مرحلے سے نکلنے میں مدد دی۔اداکارہ نے اپنے شوہر کا بھی شکریہ ادا کیا اور کہا ہے کہ اس پورے سفر کے دوران انہوں نے میرا ساتھ دیا اور ہر مشکل وقت میں حوصلہ افزائی کی۔اللہ تعالیٰ سے اپنے تعلق کا ذکر کرتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ وقت کے ساتھ میرے ایمان اور اللہ تعالیٰ کی صفات کو سمجھنے کے انداز میں تبدیلی آئی ہے۔انہوں نے اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں الودود، البر، اللطیف، الولی، الرحمٰن اور الرحیم کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ انسان کی خامیوں کے باوجود اسے قبول فرماتا ہے۔اداکارہ نے لوگوں کو ایک دوسرے کے ساتھ نرمی، محبت اور حسن سلوک سے پیش آنے کی تلقین کی ہے۔فاطمہ آفندی نے مداحوں سے اپنی بیٹی ازنیرا کے لیے دعاؤں کی درخواست بھی کی ہے۔

فلم ''ریڈ لائن'' کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لا رہا ہوں، غلام محی الدین

طے شدہ بجٹ سے زیادہ اخراجات آئے ہیں تاہم معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا



لاہور (این این آئی) سینئر اداکار غلام محی الدین نے کہا ہے کہ بطور پروڈیوسر اور ہدایتکار اپنی نئی فلم ''ریڈ لائن'' کو بہترین انداز میں پیش کرنے کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لا رہا ہوں، فلم کے ہر منظر پر خصوصی محنت کی ہے، فلم کی تیاری میں طے شدہ بجٹ سے زیادہ اخراجات آئے ہیں تاہم معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔ایک انٹرویو میں غلام محی الدین نے کہا کہ بطور ہدایتکار فلم بناتے ہوئے مختلف مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، خصوصاً فلم کے لیے موزوں مقامات کے انتخاب پر خصوصی توجہ دینا پڑی اور ہر لوکیشن کا انتخاب سوچ سمجھ کر کیا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان کی محنت فلم بینوں کو ضرور پسند آئے گی اور ریڈ لائن ریلیز کے بعد شائقین کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوگی۔فلم میں نئے ٹیلنٹ کو بھی اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کیا ہے اور میری یہ کاوش ضرور کامیاب ہوگی۔

شادی ختم کرنے کا فیصلہ کبھی بھی آسان نہیں ہوتا، زویا ناصر

لاہور (این این آئی) اداکارہ زویا ناصر نے طلاق سے گزرنے والی خواتین کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ازدواجی رشتہ ختم کرنے کا فیصلہ گہرے جذباتی کرب کا باعث بنتا ہے، اس لئے خاندان اور معاشرے کو خواتین کو شرمندہ کرنے کے بجائے ان کا ساتھ دینا چاہیے۔ایک انٹرویو میں طلاق کے موضوع پر گفتگو کے دوران زویا ناصر نے کہا کہ شادی ختم کرنے کا فیصلہ کبھی بھی آسان نہیں ہوتا۔انہوں نے طلاق کو اپنی ذات کا ایک حصہ کھو دینے کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس تجربے سے سنبھلنا بھی اتنا ہی مشکل ہو سکتا ہے، خواتین اتنا بڑا فیصلہ کسی معمولی وجہ سے نہیں کرتیں بلکہ بعض اوقات انہیں مشکل حالات سے گزرنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچنا پڑتا ہے

بالوں کا انسان کی پرکشش شخصیت میں نمایاں کردار ہوتا ہے، ہنی البیلا

دوست کے مشورے پر بال لگوائے ہیں، شخصیت میں واضح بہتری آئی



لاہور (این این آئی) کامیڈین اداکار ہنی البیلا نے کہا ہے کہ بالوں کا انسانوں کی پرکشش شخصیت میں نمایاں کردار ہوتا ہے، دوست کے مشورے پر بال لگوائے جس کے بعد شخصیت میں واضح بہتری آئی ہے اور اب اپنی عمر سے 20 سال چھوٹے دکھائی دیتا ہوں۔ایک انٹرویو میں ہنی البیلا نے کہا کہ جن افراد کے سر کے بال کم یا ختم ہو چکے ہیں انہیں اپنی شخصیت میں نکھار لانے کے لیے بال لگوانے کے آپشن پر غور کرنا چاہیے کیونکہ بال آپ کی شخصیت میں پرکشش ہونے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

لوگ تہجد میں ہماری شادی کیلئے دعائیں کرتے تھے، زیب خان

کراچی (این این آئی) اے آر وائی کے ریئلٹی شو تماشا سیزن فائیو سے شہرت حاصل کرنے والے جوڑے اسرا عائشہ اور زیب خان کی پہلی ملاقات سے شادی تک کا سفر کیسے طے ہوا؟ اس حوالے سے دونوں اداکاروں نے اے آر وائی ڈیجیٹل کے پروگرام گڈ مارننگ پاکستان میں اپنی محبت اور شادی تک پہنچنے کی دلچسپ کہانی بیان کی۔انہوں نے بتایا کہ شو کے دوران انہیں ایک دوسرے کے لیے جذبات کا مکمل احساس نہیں تھا، تاہم علیحدگی کے بعد حالات نے ان کے احساسات واضح کرنا شروع کر دیے۔زیب خان نے بتایا کہ شادی کی خبر پر لوگ اس لیے بھی زیادہ خوش ہو رہے ہیں کہ متعدد افراد ہمارے رشتے کے لیے دعائیں کر رہے تھے، بعض مداحوں نے انہیں پیغامات بھیجے کہ وہ تہجد کے وقت بھی ان کی شادی کے لیے خصوصی دعائیں کرتے رہے ہیں۔زیب نے بتایا کہ شو سے علیحدگی کے بعد تقریباً 15 دن کا وقفہ آیا جب وہ شو سے باہر آئے تو مجھے خود بھی اندازہ نہیں تھا کہ ہم دونوں کے درمیان کیا جذباتی تبدیلی آ رہی ہے، اور جب مجھے یہ بات اداکار عدنان صدیقی نے بتائی کہ شو سے تمہارے جانے کے بعد وہ گزشتہ 3 گھنٹوں سے مسلسل رو رہی ہے۔

بقیہ 1

فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ مریضوں نے ہسپتال میں دستیاب طبی سہولیات اور علاج معالجے کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں جدید ترین مشینری، اعلیٰ معیار کے طبی آلات اور اسٹیٹ آف دی آرٹ طبی سہولیات کی دستیابی صوبے میں صحت کے شعبے میں ہونے والی پیش رفت کا مظہر ہے۔ پی آئی سی میں صفائی کے بہترین انتظامات اور ڈاکٹرز و پیرا میڈیکل اسٹاف کا مریضوں کے ساتھ خوش اخلاق اور شائستہ انداز گفتگو قابلِ تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ان کے حقوق اور بنیادی سہولیات بروقت فراہم کرنا ہی حقیقی گورننس ہے۔ مریض کے منہ سے نکلنے والی دعا بہت جلد قبول ہوتی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا وژن بھی یہی ہے کہ عوام کو عزت، سہولت اور معیاری علاج معالجے کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ صحت کے شعبے میں جدید سہولیات کی فراہمی وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ترجیحات کا واضح اظہار ہے۔ عوام کی فلاح و بہبود کے لیے پنجاب میں جاری اقدامات آئندہ نسلوں تک یاد رکھے جائیں گے۔

بقیہ 2

کشمیر چوک انڈر پاس کا افتتاح کیا گیا ہے تاہم یہ منصوبہ محض 500 میٹر طویل انڈر پاس تک محدود نہیں بلکہ اس کے گرد چار کلومیٹر طویل سڑکوں کا جال بھی تعمیر کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کشمیر، جنت نظیر کی مناسبت سے یہاں دو یادگاریں بھی تعمیر کی گئی ہیں اور ہزاروں نئے پودے بھی لگائے گئے ہیں، یہ تمام کام صرف 27 روز میں مکمل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یاد نہیں کہ اس قدر برق رفتاری سے پہلے کوئی منصوبہ مکمل کیا گیا ہو۔ وزیراعظم نے اس غیر معمولی کارکردگی پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، چیئرمین سی ڈی اے، کنٹریکٹرز اور تمام متعلقہ افسران واہلکاروں کو مبارکباد دی جنہوں نے شبانہ روز محنت کر کے یہ کارنامہ انجام دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی اور ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانا ہماری ذمہ داری ہے، اس منصوبے سے علاقے میں ٹریفک کے مسائل حل کرنے میں بہت مدد ملے گی، اگلے سال ایس سی او کانفرنس منعقد ہوگی جس میں ہزاروں مہمان اسلام آباد آئیں گے، اس تناظر میں مہمان نوازی کا تقاضا ہے کہ نہ صرف دارالحکومت میں ٹریفک کے مسائل نہ ہوں بلکہ شہر کو خوبصورت بنانے میں بھی کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے تاکہ اسلام آباد کی خوبصورتی اور خوشبو اس کے گرد ونواح کے تمام علاقوں تک پھیلے اور پاکستان کے نام کو مزید چار چاند لگیں۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کی انتہائی مختصر مدت میں تکمیل اس بات کا ثبوت ہے کہ متعلقہ ٹیم نے ایس سی او کانفرنس اور آئندہ سال اسلام آباد میں ہونے والی دیگر تقریبات کے لئے بھرپور تیاریوں کا نہ صرف عندیہ دیا ہے بلکہ اپنی کارکردگی سے اسے ثابت بھی کیا ہے۔ وزیراعظم نے منصوبے کی شفافیت کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ کشمیر چوک انڈر پاس منصوبہ ایک ارب 45 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے اور شفاف پروکیورمنٹ نظام اور ای پیڈز کے ذریعے ٹھیکہ تخمینہ لاگت سے تقریباً اڑھائی فیصد کم پر دیا گیا۔ انہوں نے منصوبے کی تکمیل میں محنت، شفافیت اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والے تمام متعلقہ افراد کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو یہ توفیق اور ہمت عطا فرمائے کہ ہم ایک ٹیم کی حیثیت سے پاکستان کی شبانہ روز خدمت کریں اور ملک کو اقوام عالم میں ایک عظیم مقام دلائیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہدف ممکن ہے، اگرچہ مشکل ضرور ہے لیکن ناممکن نہیں، ان شاء اللہ اگر تمام معاملات اسی رفتار سے آگے بڑھتے رہے تو دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کی ترقی کی رفتار کو نہیں روک سکے گی۔ قبل ازیں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر چوک انڈر پاس کا منصوبہ معیاری کام کے ساتھ 27 روز میں مکمل کیا گیا ہے، منصوبے کی تکمیل میں تیزی کے ساتھ ساتھ تعمیراتی معیار برقرار رکھنا اولین ترجیح تھی۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کے دوران پرانے درخت محفوظ کر کے دوسری جگہ منتقل کیے گئے اور کشمیر چوک منصوبے کے تحت 6340 نئے سایہ دار درخت لگائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کو مزید سرسبز بنانے کیلئے درختوں کی تعداد میں کئی گنا اضافہ کریں گے، وفاقی دارالحکومت میں سفاری پارک کے قیام کے لئے بین الاقوامی کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کر لی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے ون کانسٹیٹیوشن ایونیو معاملے پر مکمل تعاون اور حمایت کی یقین دہانی کرائی تھی، وفاقی کابینہ نے ون کانسٹیٹیوشن ایونیو کی جے آئی ٹی رپورٹ کی منظوری دیدی ہے، اربوں روپے مالیت کی ون کانسٹیٹیوشن ایونیو کی جائیداد سی ڈی اے کو واپس ملی ہے، ون کانسٹیٹیوشن کی عمارت کو اصل مقصد کے مطابق فائیو سٹار ہوٹل میں تبدیل کیا جائے گا۔ قبل ازیں وزیراعظم کو منصوبے سے متعلق بریفنگ میں بتایا گیا کہ انڈر پاس سے اسلام آباد، راولپنڈی، مری اور آزاد کشمیر کے درمیان ٹریفک کی روانی میں آسانی ہوگی۔ یہ منصوبہ ایک ارب 45 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے، منصوبے میں تقریباً 4 کلو میٹر سڑکوں کا نیٹ ورک بھی شامل ہے۔ کشمیر چوک انڈر پاس سے مصروف شاہراؤں پر ٹریفک کا دباؤ کم کرنے میں مدد ملے گی۔ کشمیر چوک منصوبے کے تحت 6340 نئے سایہ دار درخت لگائے گئے ہیں، منصوبے کے اطراف کشمیر کی مناسبت سے دو خوبصورت مانومنٹس بھی تعمیر کئے گئے ہیں۔

بقیہ 3

تھا کہ سرکاری اداروں کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنا، ان کے وقت کی قدر کرنا اور دفتری امور کو حتی الامکان سہل بنانا ہے۔ ملاقات کے دوران کاشف خالد بٹ کا شائستہ طرزِ گفتگو، پیشہ ورانہ رویہ اور ملاقات کے لیے وقت دینے کا انداز قابلِ تحسین رہا۔ ذاتی نوعیت کے ایک کام کے سلسلے میں ان سے ہونے والی ملاقات میں انہوں نے جس عزت واحترام اور توجہ کا مظاہرہ کیا، وہ ایک خوشگوار اور مثبت تجربہ ثابت ہوا۔ بلاشبہ سرکاری عہدے منصب اور اختیار کے ساتھ عوامی خدمت کی ذمہ داری بھی عائد کرتے ہیں، ایسے میں شہریوں کے ساتھ احترام کا برتاؤ، مسائل کے حل میں سنجیدگی اور غیر ضروری دفتری پیچیدگیوں سے نجات دلانے کی کوششیں قابلِ قدر ہیں۔ کاشف خالد بٹ کی جانب سے شہریوں کو سہولت فراہم کرنے اور دفتری امور میں آسانی پیدا کرنے کا اظہار ایک مثبت انتظامی سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 4

ذریعے ویکسین پلائی جا چکی ہے۔ اسی طرح تین روز کے دوران مختلف مقامات پر 1 لاکھ 28 ہزار سے زائد بچوں کو گھروں سے باہر مختلف مقامات پر ویکسین فراہم کی گئی۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ مہم کے دوران 1,481 زیرو ڈوز بچوں کی بھی نشاندہی کی گئی جبکہ کم کوریج والے علاقوں اور مسڈ ایریاز میں خصوصی سوئپ اپ سرگرمیاں مکمل کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ مسڈ بچوں تک دوبارہ رسائی یقینی بنائی جائے اور ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ اور مہم کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 5

وغیر ملکی سرمایہ کاری سے آگاہ کیا۔ انہوں نے اسلام آباد چیمبر اور راولپنڈی چیمبر کے نمائندوں پر مشتمل ورکنگ گروپ تشکیل دینے کا اعلان بھی کیا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ گزشتہ اڑھائی سالوں میں پنجاب کے صنعتی مراکز میں اربوں روپے کی لاگت سے صنعتی انفراسٹرکچر بہتر بنایا گیا ہے، صنعتی مراکز میں مختلف بینکوں کی برانچیں بھی لائی جارہی ہیں، فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ میں پہلی بار 50 ایکڑ رقبے پر ایکسپو سینٹر جبکہ گوجرانوالہ میں انڈسٹریل پارک بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کی منظور کردہ نئی صنعتی پالیسی کی وفاقی حکومت نے بھی منظوری دے دی ہے، جس کے تحت صنعتی مراکز میں صنعتی یونٹ لگانے کے لیے 30 سے 50 سال کی لیز پر اراضی اور 2 لاکھ روپے فی ایکڑ ماہانہ کرائے پر پلاٹ حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ پنجاب کی انڈسٹریل اسٹیٹس میں برسوں سے جاری رئیل اسٹیٹ کے کاروبار اور مافیا کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ کر دیا گیا ہے جبکہ گزشتہ 8 ماہ میں مزید 8 نئی فیکٹریوں کی تعمیر شروع ہوچکی ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ وزیر اعلیٰ آسان کاروبار فنانس اسکیم کے تحت انڈسٹری کے فروغ کے لیے بلاسود قرضے دیے جارہے ہیں اور تاجر وصنعتکار اس اسکیم سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے صنعتکار پنجاب کے اسپیشل اکنامک زونز اور رنگ روڈ پر مجوزہ انڈسٹریل پارک میں بھی سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ صدر اسلام آباد چیمبر محمد ذکریا ضیاء نے کہا کہ اسلام آباد میں جدید اور عالمی معیار کی انڈسٹریل اسٹیٹ کا قیام ناگزیر ہو چکا ہے، پنجاب حکومت تعاون کرے۔ انہوں نے پنجاب اور اسلام آباد کی بزنس کمیونٹی کا مشترکہ ورکنگ گروپ تشکیل دینے کی تجویز بھی دی۔ اس موقع پر اسلام آباد کے صنعتکاروں نے انڈسٹری کے مسائل اور ان کے حل کی تجاویز پیش کیں جبکہ صنعتکاروں کے مسائل کے حل میں ذاتی دلچسپی لینے پر چوہدری شافع حسین سے اظہار تشکر کیا۔ سینئر نائب صدر اسلام آباد چیمبر محمد اشفاق حسین، نائب صدر میاں وقاص خان، ایگزیکٹو باڈی کے ممبران اور صنعتکاروں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

بقیہ 6

جا کر بچوں کو ویکسین پلائی جبکہ ٹرانزٹ پوائنٹس اور دیگر ہائی رسک مقامات پر بھی ویکسینیشن یقینی بنائی گئی۔ پنجاب ای او سی کوآرڈینیٹر خالد پرویز نے مہم کی نگرانی کے سلسلے میں ضلع راجن پور کا دورہ کیا اور وہاں جاری ویکسینیشن سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے مقامی نمائندوں اور اہم شخصیات سے ملاقاتیں بھی کیں اور انسداد پولیو مہم میں ان کے تعاون اور مؤثر کردار کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔ دورے کے دوران رکن قومی اسمبلی سردار شمشیر مزاری اور دیگر بااثر مقامی شخصیات نے بھی خالد پرویز سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنانے کے لیے کمیونٹی کی شمولیت اور تعاون کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ ای او سی کوآرڈینیٹر نے روجھان کا بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے پولیو ٹیموں سے ملاقات کی، ان کی فیلڈ کارکردگی کا جائزہ لیا اور دوران مہم پیش آنے والے مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے پولیو ورکرز کی کوششوں کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ ہر گھر اور ہر بچے تک رسائی یقینی بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں اور ویکسین سے محروم رہ جانے والے بچوں کی فوری نشاندہی کر کے انہیں قطرے پلائے جائیں۔ خالد پرویز نے ضلعی ٹیموں کو مائیکرو پلانز کی بہتری، مکمل عملدرآمد، ہائی رسک علاقوں اور ٹرانزٹ پوائنٹس پر مؤثر نگرانی اور رہ جانے والے بچوں کی فوری ویکسینیشن یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ مہم کے دوران مؤثر نگرانی اور ضلعی ٹیموں کے درمیان قریبی رابطہ ویکسینیشن کے مطلوبہ اہداف کے حصول کے لیے نہایت اہم ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں بھی پولیو ٹیمیں تعینات کی گئی تھیں تاکہ رہ جانے والے بچوں کو ویکسین کی سہولت فراہم کی جاسکے۔ پنجاب ایمرجنسی آپریشنز سینٹر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ہر بچے کو ہر مہم میں پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا اس موذی مرض کے خلاف تحفظ برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ والدین کا تعاون، کمیونٹی کی بھرپور شمولیت اور پولیو ٹیموں کی مسلسل کوششیں پاکستان کو پولیو سے پاک بنانے کے لیے ناگزیر ہیں۔

بقیہ 7

اور عزیز اللہ خان نے اپنے بیان میں کہا کہ مہنگائی کے موجودہ دور میں پہلے ہی عام آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی پوری کرنا مشکل ہو چکا ہے، ایسے میں روزانہ کی بنیاد پر محنت کر کے اپنے اہل خانہ کا خرچ چلانے والے غریب ریڑھی بانوں اور چھابڑی فروشوں کو کاروبار سے روک دینا ان کے معاشی مسائل میں مزید اضافے کا باعث بن رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان محنت کشوں کا ذریعہ معاش ہی ان کی ریڑھی اور چھابڑی ہے، جس سے حاصل ہونے والی معمولی آمدن سے بچوں کی ضروریات، گھر کا کرایہ اور دیگر اخراجات پورے کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمے اور شہریوں کو آمد ورفت کی بہتر سہولت فراہم کرنے کے لیے انتظامی اقدامات اپنی جگہ اہم ہیں، تاہم اس عمل میں غریب محنت کشوں کے معاشی مستقبل کو نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ حکومت ایسے مقامات مختص کرے جہاں ریڑھی بان اور چھابڑی فروش قواعد وضوابط کے تحت اپنا کاروبار جاری رکھ سکیں۔ بشارت نظیر خان اور عزیز اللہ خان نے مزید کہا کہ غریب آدمی کو محنت مزدوری سے روکنے کے بجائے اسے باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی سماجی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ ریڑھی بانوں کے مسائل کا فوری نوٹس لیتے ہوئے عملی اور مستقل حل نکالا جائے، کیونکہ کسی غریب کا روزگار متاثر ہونے کا مطلب صرف ایک شخص نہیں بلکہ اس کے پورے خاندان کا معاشی نظام متاثر ہونا ہے۔

بقیہ 8

کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ صحافتی اداروں اور پولیس کے درمیان مثبت روابط عوامی مسائل کی مؤثر نشاندہی اور ان کے حل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 9

طلب کرلی، مراد علی شاہ نے کہا کہ حادثے کی وجوہات کیا ہیں، کیا کہیں غفلت برتی گئی؟ آگاہ کیا جائے۔

بقیہ 10

انٹیلی جنس ذرائع سے اشتہاری کو ٹریس کر کے گرفتار کر لیا، ایس پی راول بیدار بخت گوندل کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 11

کہنا تھا کہ زیرحراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 12

میں لے کر 20 لیٹر شراب برآمد کی، بکلرسیداں پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کی، ریس کورس پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا، روات پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 13

شدہ 2023) کی خلاف ورزی کی نشاندہی کی گئی ہے۔ سی ڈی اے نے مدرسے کی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ نوٹس کے اجراء کی تاریخ سے 15 دن کے اندر عمارت کے تعمیراتی نقشے متعلقہ اتھارٹی میں جمع کروائے جائیں، بصورت دیگر سی ڈی اے آرڈیننس اور اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز 2020 (ترمیم شدہ 2023) کی متعلقہ دفعات کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ سی ڈی اے کے نوٹس میں مزید خبردار کیا گیا ہے کہ قانونی تقاضے پورے نہ کرنے کی صورت میں مدرسے کی عمارت کو سیل کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 14

ذیشان کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزمان معروف رجسٹرڈ کمپنی کے برانڈ کی مصنوعات بغیر اجازت تیار اور فروخت کرنے میں ملوث پائے گئے۔ ایف آئی اے حکام نے جعلی مصنوعات کی بڑی تعداد قبضے میں لے لی۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزمان کاپی رائٹ ایکٹ کی خلاف ورزی میں ملوث ہیں۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 15

رہے۔ اطلاعات کے مطابق زلزلے کے نتیجے میں کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی، انتظامیہ اور متعلقہ ادارے صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 16

روانی یقینی بنانے کے لیے ایک ہزار سے زائد ٹریفک پولیس افسران و اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ اسی طرح شرکا کی سہولت اور رہنمائی کے لیے 14 مقامات پر پولیس کیمپس قائم کیے گئے ہیں، جبکہ پنڈال کے 3 داخلی راستوں سمیت مختلف مقامات پر 27 ناکے لگائے گئے ہیں۔ رائیونڈ اجتماع کا پہلا مرحلہ 5 سے 8 نومبر تک جبکہ دوسرا مرحلہ 12 سے 15 نومبر تک جاری رہے گا۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے ہدایت کی ہے کہ اجتماع میں آنے والے ہر فرد کی مؤثر چیکنگ یقینی بنائی جائے اور سکیورٹی انتظامات میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی کیمروں کی مدد سے اجتماع اور گردونواح کی مسلسل مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے اور سپروائزری افسران اجتماع کے منتظمین سے مسلسل رابطے میں رہیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے ٹریفک پولیس کو ہدایت کی کہ پارکنگ کے مؤثر انتظامات کے ساتھ ٹریفک کی روانی برقرار رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ڈیوٹی پوائنٹس پر تعینات پولیس افسران واہلکار پوری طرح چوکس رہیں اور اجتماع کے اطراف کی آبادیوں میں سرچ اور کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ بھی جاری رکھا جائے تاکہ شرکا کو محفوظ ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 17

مختلف علاقوں کے مکین گیس کی عدم دستیابی اور کم پریشر سے پریشان ہیں۔ شہریوں کے مطابق کھانے کے تینوں اوقات میں بھی گیس کا پریشر انتہائی کم ہوتا ہے، جبکہ کئی علاقوں میں دن بھر گیس دستیاب نہیں ہوتی۔ صبح کے وقت گیس نہ ہونے کے باعث بچوں کو اکثر ناشتہ کیے بغیر سکول جانا پڑتا ہے، جبکہ دوپہر اور رات کے کھانے کی تیاری بھی مشکل ہو جاتی ہے۔ شفیق آباد کے مکینوں کے مطابق علاقے میں کھانے کے تینوں اوقات میں بھی گیس دستیاب نہیں ہوتی۔ گیس کی مسلسل بندش کے باعث شہری متبادل ذرائع استعمال کرنے پر مجبور ہیں اور کھانا پکانے کیلئے ایل پی جی سلنڈر اور لکڑی جلانے کا سہارا لے رہے ہیں، جس سے گھریلو اخراجات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے اور کھانے کے اوقات میں گیس کا مناسب پریشر فراہم کیا جائے تاکہ انہیں روزمرہ کی مشکلات سے نجات مل سکے۔

بقیہ 18

اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 19

شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس پی سکیورٹی نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

بقیہ 20

این اے اور پولی گراف ٹیسٹ سمیت تمام متعلقہ رپورٹس فراہم کی جائیں، مقتولہ کے موبائل فون کی تفصیلی کال ڈیٹیل اور میسجز کا ریکارڈ بھی فراہم کیا جائے۔ فہد جاوید نے حنا جاوید کے فلیٹ اور اطراف میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج فراہم کرنے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ خط میں ملزم فیصل اصغر کے پیشہ ورانہ کیریئر کے دوران ہراسانی سے متعلق کیسز کی تفصیلات فراہم کرنے کی درخواست بھی کی گئی ہے۔

بقیہ 21

عزیز نے نہ صرف سرٹیفکیٹس دیے بلکہ طالبات اور ہاؤس مسٹریس محترمہ فوزیہ نورین بخاری کی ٹیموں کی شاندار کارکردگی کو بھی سراہا!

بقیہ 22

مسائل کے فوری ازالے اور تفتیشوں کی مؤثر نگرانی کے سخت احکامات جاری، تمام ایس ڈی پی اوز روزانہ شام 4 بجے سے 6 بجے تک اپنے سرکل کے کسی ایک تھانے میں شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے موجود رہیں گے، ایس ڈی پی اوز شہریوں کی شکایات خود سن کر بروقت حل یقینی بنائیں گے، ایس ڈی پی اوز تھانوں میں زیر تفتیش مقدمات کی تفتیش کی خود نگرانی کریں گے، شہریوں کے مسائل کا فوری اور بروقت حل اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 23

کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید نے کہا کہ نئی گرین بیلٹ پر تقریباً 2 ہزار مقامی درخت لگائے جائیں گے، جن میں سکھ چین، ارجن، ٹرمینلیا، ٹیوبیا اور کچنار سمیت مختلف اقسام کے درخت شامل ہیں۔ گرین بیلٹ کو مزید خوبصورت بنانے کے لیے گھاس اور مقامی موسمی پھول بھی لگائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شنگھائی روڈ پر نئی گرین بیلٹ کی ڈویلپمنٹ سے علاقے کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا جبکہ درخت اور پودے ماحول کی بہتری اور سرسبز فضا کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔ شہریوں کو بہتر اور صحت مند ماحول کی فراہمی کے لیے شہر بھر میں گرین بیلٹس کی ڈویلپمنٹ اور دیکھ بھال کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ 24

وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ بدعنوانی میں ملوث اہلکار بھی قانون کے کٹہرے میں کھڑے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ وردی کو ذاتی مفاد کا ذریعہ نہیں بننے دیں گے۔ کرپشن اور بدعنوانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔

بقیہ 25

سروس ضبط کر لی گئی، جبکہ لیڈی انسپکٹر منزہ محمد علی اور لیڈی ہیڈ کانسٹیبل مصباح طارق کی دو، دو سال کی سروس ضبط کرنے کی سزا سنائی گئی۔ پولیس میں تفتیش کے دوران بدعنوانی اور جانبدارانہ رویہ اپنانے کے الزامات کی بنیاد پر متعلقہ اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کرتے ہوئے یہ سزائیں دی گئیں۔

بقیہ 27

پیز کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 28

میں 55.4 فیصد پرائیویٹ لمیٹڈ اور 41.6 فیصد سنگل ممبر کمپنیاں شامل ہیں، پنجاب میں 2 ہزار 663، اسلام آباد میں 934 اور سندھ میں 751 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں، خیبر پختونخوا میں 382، گلگت بلتستان میں 162 اور بلوچستان میں 111 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق اکتوبر میں سب سے زیادہ کمپنیاں آئی ٹی سیکٹر میں رجسٹرڈ ہوئیں، انفارمیشن ٹیکنالوجی میں 991 اور ٹریڈنگ میں 767 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں، جبکہ سروسز میں 594 اور کنسٹرکشن میں 295 کمپنیوں کی رجسٹریشن ہوئی۔ اسی طرح فوڈ اینڈ بیوریجز میں 219، سیاحت میں 213 اور رئیل سٹیٹ میں 170 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق اکتوبر میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 173 غیر ملکی سرمایہ کار ڈائریکٹر بنے، جبکہ کمپنیوں کے شیئر ہولڈرز اور ڈائریکٹرز میں خواتین کی شراکت 31 فیصد رہی۔ ایس ای سی پی کے چیئرمین ڈاکٹر کبیر سدھو کے مطابق کمپنیوں کی رجسٹریشن میں اضافہ ملک میں بڑھتی ہوئی سرمایہ کاری کا مظہر ہے، ملک میں کاروبار کرنے کو آسان بنانے کے لیے کارپوریٹ کمپلائنس کو ڈیجیٹل کر رہے ہیں۔

بقیہ 29

موٹر سائیکل، موبائل فون اور رقم برآمد کی، صدر بیرونی پولیس نے دو رکنی گینگ سے 3 مسروقہ موٹر سائیکل، 2 موبائل فون، رقم اور اسلحہ برآمد کیا، رتہ امرال پولیس نے دو رکنی گینگ سے 2 مسروقہ موٹر سائیکل اور رقم برآمد کی، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 30

پھاڑنے کے الزامات لگائے گئے تھے۔ پولیس نے کیس کی کینسلیشن رپورٹ پیش کی تھی، تاہم مجسٹریٹ نے اس سے اختلاف کرتے ہوئے ملزموں کو طلب کر لیا تھا۔ سیشن کورٹ نے اس حکم کے خلاف دائر ریویژن بھی مسترد کر دی تھی۔ لاہور ہائیکورٹ نے اپنے فیصلے میں قرار دیا ہے کہ مجسٹریٹ پولیس رپورٹ سے اختلاف کر سکتا ہے، مگر ملزم کی طلبی ریکارڈ پر موجود قابل اعتراض مواد کی بنیاد پر ہونی چاہیے، محض شکایت کنندہ کے الزامات پر نہیں۔ عدالت کے مطابق طلبی کا حکم میکانکی انداز میں یا شکایت کنندہ کو الزامات کھنگالنے کا فورم فراہم کرنے کے لیے جاری نہیں کیا جاسکتا۔ عدالت نے نوٹ کیا کہ کسی کا میڈیکو لیگل سرٹیفکیٹ ریکارڈ پر موجود نہیں اور تشدد کا الزام صرف شکایت کنندہ کے بیان پر مبنی ہے۔ سی سی ٹی وی فوٹیج کے بارے میں عدالت نے کہا کہ اس کا ماخذ، محفوظ تحویل اور شناخت ثابت نہیں ہوئی، اس لیے اسے غیر تصدیق شدہ قرار دیا گیا۔ عدالت نے وضاحت کی کہ فیصلے میں کئے گئے مشاہدات عارضی نوعیت کے ہیں اور فریقین کے دیگر مقدمات پر اثرانداز نہیں ہوں گے۔

بقیہ 31

2 کلو 100 گرام چرس برآمد کی، ٹیکسلا پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 32

اسٹریٹیجک شکست دی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایرانی قوم نے ڈونلڈ ٹرمپ کو واشنگٹن میں سیاسی شکست بھی دیدی۔ محسن رضائی نے مزید کہا کہ ایران سے لڑنے والا اسکی قیمت میدان جنگ سے اپنی دہلیز تک چکائے گا۔

بقیہ 33

میں 495 ریکارڈ ہوئی، ایئر واچ پاکستان میں اے کیو آئی 469 اور اے آر ایم میں 445 تک پہنچ گیا۔ اسی طرح بیدیاں روڈ پر فضائی آلودگی کی شرح 364، لاہور کینٹ میں 362 اور ماڈل ٹاؤن اے بلاک میں 320 ریکارڈ کی گئی۔ اے آر سی لاہور میں 318 جبکہ ڈی ایچ اے فیز 5 بی بلاک میں اے کیو آئی 297 ریکارڈ ہوا۔

بقیہ 34

سیکرٹری اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کمیشن میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ پنجاب کی کابینہ کمیٹی اور الیکشن کمیشن کا اجلاس ہوا تھا، پنجاب حکومت نے 15 دسمبر سے 15 جنوری کے دوران الیکشن کرانے کا کہا تھا۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے بتایا کہ ہماری بلدیاتی الیکشن کی تیاری مکمل ہے، درخواست ہے کہ انتخابات کے لئے 20 جنوری کے بعد کی تاریخ دی جائے، ہمیں الیکشن تیاری کے لئے دو ماہ چاہئیں، پنجاب اور لاہور میں دسمبر میں بہت دھند ہوتی ہے، 20 جنوری کے بعد موسم کھل جاتا ہے، سٹاف کیلئے انتظامات کے حوالے سے دسمبر بہت تکلیف دہ ہوتا ہے۔ ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ آپ تو اپریل کا الیکشن کہہ رہے تھے۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے کہا کہ ہم نے دوبارہ سوچا کہ جنوری اور فروری میں اعتراض نہیں ہے، اپریل میں ہمیں الیکشن سوٹ کرتا تھا، اپریل میں سکول کی چھٹیاں ہوتی ہیں، سردی میں دن بھی بہت چھوٹا اور ووٹر نہیں نکلتا جبکہ اپریل میں روشنی کا پورا دن ملتا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ 20 جنوری کی درخواست پر غور کریں گے، اس کے بعد الیکشن تاریخ کا اعلان کر دیں گے، چیف الیکشن کمشنر نے چیف سیکرٹری سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ بسنت تو ویسے آپ منا رہے ہیں۔ پنجاب حکومت نے الیکشن کمیشن سے 20 جنوری کے بعد بلدیاتی انتخابات کرانے کی درخواست کی جس پر الیکشن کمیشن نے فیصلہ محفوظ کر لیا۔ الیکشن کمیشن نے پنجاب حکومت کی درخواست کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کیا کہ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کا پہلا مرحلہ 7 فروری 2027 کو ہوگا۔

بقیہ 35

ہوئے آئی جی پنجاب عبدالکریم کو 11 نومبر کو ذاتی حیثیت میں طلب کرتے ہوئے پیشرفت رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے سلمیٰ بی بی کی جانب سے اس کی بیٹی مقدس بی بی کی بازیابی کے لیے دائر درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت خواتین اور لڑکیوں کے اغواء کے معاملے پر رپورٹ پیش کی گئی۔ عدالت نے آئی جی پنجاب عبدالکریم کو ذاتی حیثیت میں طلب کرتے ہوئے 11 نومبر کو پیشرفت رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ ڈی آئی جی کرائم نے بتایا کہ 462 خواتین کو بازیاب کروانا ابھی باقی ہے، 2021 میں 4 خواتین بازیاب نہیں ہوسکیں، پنجاب بھر کے تفتیشی افسران جنہوں نے غفلت کی ان کو شوکاز نوٹس کیا، ڈی آئی جی انوسٹی گیشن پنجاب خواتین کے مسنگ کی ٹیم کو ہیڈ کر رہے ہیں۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا، آپ نے مسنگ خواتین کے معاملے پر اس بندے کو لگا دیا ہے جو مصروف رہتے ہیں، اس نے کام کیا کرنا ہے، وہ صاحب تو ٹک ٹاک بناتے رہتے ہیں انہوں نے کام کب کرنا ہے، کیا ٹک ٹاک بنا کر اپ لوڈ کرنا آپ کے سروس رولز میں شامل ہے، کیا ٹک ٹاک بنانے کی رولز میں اجازت ہے۔ ڈی آئی جی کرائم نے بتایا کہ اب پولیس یونیفارم میں کوئی ٹک ٹاک نہیں بناتا، جو ٹک ٹاک بناتا ہے اس کے خلاف فوری ایکشن لیا جاتا ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ جو اپنی ذاتی نمائش سوشل میڈیا پر کرتا ہے اس نے کام کیا کرنا ہے۔

بقیہ 36

سے 9 نومبر کو ملک بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب نے 9 نومبر کو یوم اقبال کے سلسلے میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، نوٹیفکیشن کے مطابق یوم اقبال کے موقع پر پنجاب بھر کے تمام سرکاری و نجی سکول بند رہیں گے۔ محکمہ سکول ایجوکیشن نے فیصلے پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لئے تمام ضلعی ایجوکیشن اتھارٹیز کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔

بقیہ 37

کی۔ وفاقی آئینی عدالت نے الیکشن کمیشن کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے جے یو آئی کی اپیل خارج کر دی۔ وکیل جے یو آئی نے کہا کہ جے یو آئی نے مخصوص نشستوں کیلئے چار نام دیے، الیکشن کمیشن مخصوص نشستوں کیلئے فہرست میں تبدیلی نہیں کر سکتا، پاکستان کی تاریخ کا یہ منفرد کیس ہے۔ وکیل جے یو آئی نے مؤقف اپنایا کہ جے یو آئی کہہ رہی ہے صدف احسان انکی امیدوار نہیں ہے، لیکن ہمیں کہا جا رہا ہے نہیں یہی آپکی جماعت کی امیدوار ہے، اگر سیاسی جماعت نے درست فہرست نہیں دی اس سے درستگی مانگی جاسکتی تھی۔ وفاقی آئینی عدالت نے جے یو آئی کی درخواست خارج کر دی۔

بقیہ 38

عوامی پارٹی، نیشنل پارٹی اور جے یو آئی کو ایک، ایک نشست ملے گی، ناموں کا حتمی فیصلہ قائد ایوان و نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار مشاورت کے بعد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ نائب وزیراعظم اپوزیشن، حکومتی اتحادی جماعتوں اور متعلقہ پارلیمانی قیادت سے مشاورت کے بعد حتمی فیصلہ کریں گے۔

بقیہ 39

طلب کر لیے۔ عدالت میں دوران سماعت ایک پولیس کا گواہ پیش ہوا لیکن مال مقدمہ پیش نہ ہونے پر ملزموں کے وکیل جرح نہ کر سکے۔ عدالت میں تین ملزمان ملک سہیل محمود، ہارون اور بلاول پیش ہوئے جن کی حاضری مکمل کی گئی۔ عدالت میں تھانہ چوہنگ پولیس نے چالان پیش کر رکھا ہے۔ چالان میں گوگی بٹ اشتہاری ہے جبکہ طیفی بٹ احسن شاہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہو چکے ہیں۔ ملزمان پر الزام ہے کہ انہوں نے امیر بالاج کو ایک شادی کی تقریب میں فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا تھا۔

بقیہ 40

کہ الحمدللہ، رجسٹریشن اور سبسڈی کے حصول کا طریقہ کار آسان بنانے کے نتیجے میں رجسٹریشن میں اضافہ ہوا ہے اور زیادہ مستحق شہری اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ مستحق شہریوں کے لیے ٹیکنالوجی پر مبنی یہ شفاف سبسڈی اسکیم مستقبل میں عوامی فلاح و بہبود کے ایسے اقدامات کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگی۔ انہوں نے اسکیم کے حوالے سے مانیٹرنگ اور کارگردگی ڈیش بورڈ ترتیب دینے پر وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وفاقی سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام ضرار حاشم خان اور ان کی ٹیم کی پذیرائی کی۔ اس موقع پر اجلاس کو پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی، جس میں بتایا گیا کہ سبسڈی اسکیم کے تحت اب تک 15,519,282 شہری رجسٹر ہو چکے ہیں، جن میں سے 15.06 ملین موٹر بائیکس اور 449 ہزار 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان ہیں۔ بریفنگ کے مطابق سبسڈی اسکیم کے تحت اب تک 63,153,685 ٹوکن جاری کیے گئے، جن میں سے 59,445,347 ٹوکن استعمال یا ریڈیم کیے جاچکے ہیں۔ فیول سبسڈی اسکیم کے تحت 4 نومبر 2026 تک 28.6 ارب روپے کی ادائیگیاں ہو چکی ہیں۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ پرائم منسٹر فیول ریلیف اسکیم کے حوالے سے معلومات کی فراہمی اور شکایات کے ازالے کے لیے صارفین اور پیٹرول پمپس کے لیے الگ الگ کال سینٹرز قائم کیے گئے ہیں۔ وزیراعظم نے پیٹرولیم سبسڈی اسکیم کے تحت رجسٹرڈ مستحقین کو سہولت فراہم نہ کرنے والے پیٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیر پیٹرولیم ڈویژن علی پرویز ملک اور وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے توانائی لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ ظفر اقبال اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ 41

، جس کی سربراہی کی ذمہ داری بھی علی ڈار کو سونپی گئی ہے۔ پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ (پی بی آئی ٹی) کو بھی اس دفتر کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے۔ علی ڈار نے اس پیش رفت کو پنجاب میں بین الاقوامی روابط، غیر ملکی سرمایہ کاری اور عالمی شراکت داریوں کے فروغ کے لیے اہم قدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ آفس آف انٹرنیشنل کوآرڈینیشن اینڈ کوآپریشن صوبے کی معاشی صلاحیت کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی اداروں، سرمایہ کاروں اور تجارتی شراکت داروں کے ساتھ مؤثر روابط کے ذریعے پنجاب میں سرمایہ کاری، کاروباری سرگرمیوں اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جائیں گے۔

بقیہ 42

قتل، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو مرکزی ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان نے چند یوم قبل ذاتی رنجش پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل جبکہ دوسرے کو زخمی کیا تھا، مورگاہ پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر لیا، ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی کا کہنا تھا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 43

ایس جی نے استقبال کیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے شہدا یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی، وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ایس ایس جی کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف کو ایس ایس جی کی خصوصی تربیت، آپریشنل تیاریوں اور مشن کی تکمیل کے لیے استعدادِ کار پر بریفنگ دی گئی۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے جدید ترین خصوصی آلات کا معائنہ کیا اور ایس ایس جی کی جنگی مہارت اور خصوصی آپریشنز کا عملی مظاہرہ بھی دیکھا۔ آئی ایس پی آر کے بیان میں کہا گیا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ایس ایس جی کے افسران اور جوانوں کے پیشہ ورانہ معیار، بلند حوصلے اور فرض شناسی کو سراہا۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ بدلتے ہوئے سیکیورٹی خطرات اور نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل تربیت ناگزیر ہے اور مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کی ترقی اور آپریشنل تیاریوں پر غیر متزلزل توجہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایس جی کو بدلتے ہوئے سیکیورٹی خطرات کے مقابلے میں برتری برقرار رکھنے کے لیے اعلیٰ معیار کی تیاری جاری رکھنا ہوگی۔

بقیہ 44

کے مطابق روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 3 روز قبل ان ڈرائیو ڈرائیور سے گن پوائنٹ پر گاڑی چھیننے والے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم سے لاکھوں روپے مالیت کی کار اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، مدعی مقدمہ کے مطابق ملزم نے بہانے سے اسے بلایا اور ساتھیوں کے ساتھ ملکر گن پوائنٹ پر گاڑی چھین لی، روات پولیس نے مقدمہ درج کر کے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم قبل ازیں ڈکیتی، ڈمیکلو چوری، اسلحہ اور منشیات کے مقدمات میں ملوث اور ریکارڈ یافتہ ہے، ملزم کے ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے ریڈ کیے جا رہے ہیں، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 45

عدالت پہنچے تھے، جہاں سے پولیس نے انہیں حراست میں لے لیا۔ بتایا جاتا ہے کہ وہ نومبر کے احتجاج سے متعلق مختلف مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے اور انہیں انہی مقدمات میں گرفتار کیا گیا ہے۔

بقیہ 46

منعقد ہوگی، جس کے مہمانِ خصوصی گورنر پنجاب و چانسلر یو ای ٹی سردار سلیم حیدر خان ہوں گے۔ وائس چانسلر یو ای ٹی، یونیورسٹی کے اعلیٰ انتظامی افسران، اساتذہ، فارغ التحصیل طلبہ و طالبات اور ان کے والدین بھی تقریب میں شرکت کریں گے۔ کانووکیشن کے دوران سیشن 2022ء کے بیچلرز فارغ التحصیل طلبہ و طالبات، آرکیٹیکچر سیشن 2021ء کے فارغ التحصیلین، جبکہ ایم بی اے، ای ایم بی اے، ایم ایس سی، ایم ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز کے ان طلبہ و طالبات کو ڈگریاں اور میڈلز دیے جائیں گے جنہوں نے 21 نومبر 2025ء سے 10 نومبر 2026ء کے دوران اپنی ڈگری کی تمام ترضروریات مکمل کی ہیں۔ کانووکیشن کی باقاعدہ تقریب سے ایک روز قبل پیر، 9 نومبر 2026ء کو دوپہر 2:30 بجے یو ای ٹی آڈیٹوریم کمپلیکس میں فل ڈریس ریہرسل منعقد ہوگی، جس میں تمام فارغ التحصیل طلبہ و طالبات کی شرکت لازمی قرار دی گئی ہے۔

بقیہ 47

تھے، یورپی یونین کے سفیر نے میوزیم میں موجود قدیم نوادرات اور تاریخی گیلریوں کا معائنہ کیا، سفیر ریمونڈاس کاروبلس نے لاہور کے تاریخی و ثقافتی ورثے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا، یورپی یونین کے سفیر کو میوزیم کی مختلف گیلریوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی، دورے کے دوران سفیر نے میوزیم میں موجود قدیم نوادرات میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔

بقیہ 48

پیش نظر ایمرجنسی وارڈ میں بیڈز کی تعداد بڑھانے اور مریضوں کے لواحقین کے لیے نئے سایہ دار ویٹنگ شیڈز تعمیر کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ انتظار گاہوں میں بیٹھنے کے مناسب انتظامات اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے تاکہ مریضوں کے ساتھ آنے والے افراد کو بہتر سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے ہسپتال کے دستیاب وسائل، فنڈز اور ذرائع آمدن کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے سہولیات کا معیار بہتر بنانے اور مریضوں کو صاف ستھرا، محفوظ اور بہتر ماحول فراہم کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سہیل خواجہ نے ہسپتال میں بہتری کے لئے جاری اقدامات اور انتظامی اصلاحات بارے بتایا کہ مریضوں کے بڑھتے ہوئے رش کے پیش نظر ایمرجنسی وارڈ کو مزید کشادہ کرنے اور بیڈز میں اضافہ کرنے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ کارڈیالوجی وارڈ میں علیحدہ انتظامات اور تقسیم کے ذریعے ایمرجنسی مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے انتظامیہ کو جاری اصلاحاتی اقدامات کی رفتار تیز کرنے اور ان پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 49

دھمکیاں دیں۔ پولیو ورکر سے بدسلوکی اور سرکاری امور میں مداخلت پر مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا کہ پولیو مہم میں مصروف ورکرز کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، پولیو ٹیموں کے کام میں رکاوٹ ڈالنے والوں سے سختی سے نمٹیں گے۔

بقیہ 50

رجسٹرار آفس نے درخواست کے قابل سماعت ہونے پر اعتراض عائد کر دیا۔ درخواست گزار کے متعلقہ فورم سے رجوع کیے بغیر براہ راست ہائیکورٹ آنے کا اعتراض اٹھایا گیا، جسے عدالت نے بھی برقرار رکھا۔ جسٹس علی ضیاء باجوہ نے شہری محمد کاشف کی درخواست پر بطور اعتراض کیس سماعت کی۔ درخواست میں ڈی پی او سیالکوٹ، ڈی ایس پی ڈسکہ اور ایس ایچ او موترہ کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ پولیس نے ان کے گھر پر قبضہ کر کے اہل خانہ کو بے دخل کر دیا ہے اور مزید جھوٹے مقدمات میں پھنسانے کی دھمکیاں دے رہی ہے۔ پولیس کی کارروائیاں آئین کے آرٹیکل 4 کی خلاف ورزی ہیں۔ درخواست گزار کے مطابق ایک ایف آئی آر کے علاوہ کوئی مقدمہ درج نہیں، دونوں بھائی ضمانت پر ہیں جبکہ ڈسکہ کی عدالت سے حاصل کردہ عبوری ضمانت 10 نومبر 2026ء تک مؤثر ہے۔

بقیہ 51

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مری، گوجرانوالہ، اٹک، بہاولپور، چکوال، جہلم، لیہ اور ساہیوال کو بہترین کارکردگی پر شاباش دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بعض اضلاع میں بیوٹیفکیشن پلان کی تکمیل اور معیار میں تساہل برتنے پر برہمی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فصلوں کی باقیات جلانے پر 100 فیصد کنٹرول کا حکم دیا۔ اوکاڑہ اور دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو فصلوں کی باقیات جلانے کے واقعات پر کنٹرول نہ کرنے پر وارننگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بیوٹیفکیشن سکیموں میں پائیداری اور معیار پر خصوصی توجہ دینے کا حکم دیا اور ہر بیوٹیفکیشن سکیم میں فواروں سمیت دیگر واٹر فیچرز شامل کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں گورننس اور روڈ مینٹی ننس کے لئے خصوصی سکواڈ قائم کرنے کی ہدایت کی گئی اور بتایا گیا کہ سکواڈ 12 گھنٹے کے اندر اندر انسپکشن اور مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کرے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سٹریٹ لائٹس 100 فیصد فنکشنل اور مین ہول 100 فیصد کور کرنے کی ہدایت کی اور زیبرا کراسنگ اور سکول سیفٹی کیلئے ضروری اقدامات کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اسسٹنٹ کمشنرز کو واٹر فلٹریشن پلانٹ ٹھیک کروانے کیلئے فوری اقدامات کا حکم دیا اور جنرل بس ٹرمینلز اور گرین بس شیڈز کی تعمیر ومرمت اور صفائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہسپتالوں کی صورتحال میں بہتری کیلئے تین دن کی مہلت دی اور ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو روزانہ ہسپتالوں کے دوروں کی ہدایت کی۔ اجلاس میں اوپن پلاٹ پر کوڑا کرکٹ ڈالنے پر مالکان کو پہلے وارننگ، دوسری بار بھاری جرمانہ اور تیسرے مرحلے میں ایف آئی آر کا اندراج کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کو انکروچمنٹ فری بنانے کا حکم دیا اور تجاوزات کیلئے مشترکہ آپریشن، وال چاکنگ، کٹے پھٹے بینر اور چھوٹے چھوٹے اشتہارات بھی دیواروں سے اتارنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہسپتالوں کی ڈیپ کلیننگ اور روڈ واشنگ روزانہ کرانے کا حکم دیا اور صوبہ بھر میں آوارہ کتوں پر قابو پانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ لین مارکنگ، عمارتوں پر پینٹ اور صاف ستھری سڑک دیکھ کر اچھے شہر کا تاثر ابھرتا ہے۔ ڈپٹی کمشنرز اور انتظامیہ کی لاپرواہی سے میری ساکھ پر حرف آتا ہے۔ ڈپٹی کمشنرز یونیورسٹی اور کالجز میں جا کر طلبہ کو ڈویلپمنٹ پراجیکٹ اور سکیموں کے بارے میں بتائیں۔ ہر ڈی سی اپنے ضلع کی معاشی ترقی کیلئے ڈسٹرکٹ اکنامک پلان تیار کرے۔ اجلاس میں ضلع خانیوال میں، اکبر بازار، مین بازار میاں چنوں اور اللہ داد بازار جہانیاں کی بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر شیخوپورہ مین بازار، اکبر بازار، ہمایوں بازار، چھوٹا اڈہ بازار اور صفدرہ آباد بازار اور شرقپور اور مرید کے بیوٹیفکیشن پراجیکٹ پر رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ کو شاندار بیوٹیفکیشن پراجیکٹ پر شاباش دی اور ایمن آباد، کامونکی اور نوشہرہ ورکاں کے پراجیکٹ کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ننکانہ صاحب میں چار بیوٹیفکیشن پلان نومبر تک مکمل کرنے کی ہدایت۔ اجلاس میں راولپنڈی کے پانچ بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کا جائزہ لیا گیا اور ڈی سی راولپنڈی کو گرین بیلنس پر توجہ دینے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈپٹی کمشنر گجرات کو نئی سکیمیں پراجیکٹ میں شامل کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں رحیم یارخان کے بیوٹیفکیشن پراجیکٹ میں سکیمیں اور بجٹ سے مختلف ہونے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ناپسندیدگی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فوڈ سٹریٹ اور فوڈ کارٹ بہتر افراد اور کمپنیوں کو دینے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں ای بز، کتے کے کاٹنے کے واقعات، ستھرا پنجاب، ہسپتال، سکول اور دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بہتر کارکردگی پر شاباش اور بدترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر وارننگ دی گئی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ کے پی آئی سے متعلق جائزہ لیا گیا اور پرائس کنٹرول، روڈ اینڈ سٹریٹ سیفٹی، عوامی سہولیات پر رپورٹ پیش کی گئی۔ اس موقع پر ڈویلپمنٹ مانیٹرنگ، ریگولیشن اینڈ انفورسمنٹ، اربن آرڈر، کلین اینڈ گرین پنجاب، عوامی مقامات اور سٹیزن سروسز کا جائزہ بھی لیا گیا۔

بقیہ 52

فزیکل ویری فکیشن ہوگی، فزیکل ویری فکیشن کا عمل 20 نومبر تک مکمل کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ ڈسٹرکٹ فوکل پرسنز اور اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز کو اس حوالے سے ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں، اے ای اوز اپنے مختص کردہ سکولوں کی خود فزیکل ویری فکیشن کریں گے۔ لائسنسی سکولوں کو دورے سے کم از کم ایک روز قبل آگاہ کرنا ہوگا، جعلی انرولمنٹ ثابت ہونے پر سکول کا لائسنس منسوخ کر دیا جائے گا۔

بقیہ 53

نائب وزیراعظم نے کہا کہ دوطرفہ امور اور باہمی دلچسپی کے علاقائی معاملات پر پاکستان اور برطانیہ کے درمیان مسلسل تعاون کی ضرورت ہے۔

بقیہ 54

تھے، جن میں سے 177 کاشتکاروں کو ٹریکٹر فراہم کر دیے گئے ہیں۔ گرین ٹریکٹرز پروگرام کے چوتھے مرحلے کے تحت 50 سے 65 ہارس پاور کے 10 ہزار ٹریکٹرز کی فراہمی کے لیے فی ٹریکٹر 7 لاکھ 50 ہزار روپے سبسڈی دی گئی ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ وفاقی حکومت اور پنجاب حکومت نے گندم کی خریداری کے لیے 4500 روپے فی من قیمت مقرر کی ہے، جس سے گندم کی آئندہ فصل کاشتکاروں کے لیے منافع بخش ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے تصدیق شدہ گندم کے بیج پر کاشتکاروں کے لیے 45 کروڑ روپے کی سبسڈی فراہم کی ہے، جبکہ کسان کارڈ کے تحت گندم کے کاشتکاروں کو زرعی آلات کی خریداری کے لیے 150 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ صوبائی وزیر نے مزید بتایا کہ کسان کارڈ کے ذریعے ڈی اے پی کھاد کی خریداری کے لیے 17 ارب روپے کی اضافی بلاسود رقم بھی فراہم کی جارہی ہے، جس کی شرح 3500 روپے فی ایکڑ ہے۔

بقیہ 55

خلاف کارروائی کی بنیاد نہیں بنایا جا سکتا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس خالد ابن عزیز نے شیر باز اور صفینہ خاتون کی فوجداری نظر ثانی درخواست منظور کرتے ہوئے سیشن کورٹ خوشاب کا 20 مئی 2026 کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے کرن شاہین کے والد احمد شیر کی آئینی درخواست مسترد کرتے ہوئے لڑکی کو اپنی مرضی سے جہاں چاہے رہنے کی آزادی بھی دے دی۔ عدالتی فیصلے کے مطابق چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ 2026 کا نفاذ 11 مئی 2026 کو ہوا، جبکہ کرن شاہین کا نکاح 18 اپریل 2026 کو ہوا تھا، اس طرح نکاح نئے قانون کے نفاذ سے پہلے انجام پایا، عدالت نے قرار دیا کہ قانون کے نفاذ سے قبل ہونے والی شادی پر نئے قانون کا اطلاق نہیں ہوسکتا اور اسے سابقہ تاریخ سے لاگو کرنا قانونی اصولوں کے منافی ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ سیشن کورٹ خوشاب نے کرن شاہین کو سولہ سال سے کم عمر قرار دے کر دارالامان بھیجنے کا حکم دیا تھا، تاہم لڑکی نے مجسٹریٹ کے روبرو بیان دیا کہ اس نے اپنی آزاد مرضی سے شادی کی اور اسے کسی نے اغوا نہیں کیا، لڑکی نے اپنے والد کے ساتھ جانے سے بھی انکار کرتے ہوئے شوہر کے ساتھ رہنے کی خواہش ظاہر کی تھی۔ عدالت نے قرار دیا کہ ضابطہ فوجداری کی دفعہ 552 کے تحت کارروائی کیلئے اغوا اور سولہ سال سے کم عمر ہونے سے متعلق قانونی تقاضوں کا جائزہ لینا ضروری ہے، اگر مبینہ مغویہ عدالت میں اپنی کم عمری کے الزام کی تردید کر دے تو دفعہ 552 کے تحت کارروائی جاری نہیں رکھی جاسکتی۔ فیصلے میں مزید کہا گیا کہ دفعہ 552 ضابطہ فوجداری عدالت کو کسی لڑکی کو غیر معینہ مدت تک دارالامان میں رکھنے کا اختیار نہیں دیتی، لڑکی کو اس کی مرضی کے خلاف دارالامان میں رکھنا قانونی تقاضوں کے منافی تھا۔ عدالت نے واضح کیا کہ کسی قانون کو ماضی سے نافذ کر کے کسی شخص کے خلاف کارروائی کی بنیاد نہیں بنایا جا سکتا، چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ 2026 کے نفاذ سے پہلے ہونے والے نکاح پر اس قانون کا اطلاق کر کے لڑکی کو کم عمر قرار دینا اور دارالامان بھیجنا درست نہیں تھا۔ لاہور ہائیکورٹ نے فوجداری نظر ثانی درخواست منظور کرتے ہوئے سیشن کورٹ خوشاب کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا اور کرن شاہین کو اپنی آزاد مرضی کے مطابق زندگی گزارنے اور جہاں چاہے رہنے کی اجازت دے دی۔

بقیہ 56

متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈی پی او اٹک نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد شہریوں کو براہِ راست پولیس افسران تک رسائی فراہم کرنا اور ان کے مسائل کا بروقت ازالہ یقینی بنانا ہے۔ شہریوں کی شکایات کا فوری اور میرٹ پر حل اٹک پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ عوامی خدمت اور بہترین پولیس خدمات کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

آئی جی پنجاب عبدالکریم کی زیر صدارت پولیس ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی زیر صدارت پولیس ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوا جس میں پنجاب پولیس کے تمام یونٹس اور فارمیشنز کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولیسنگ اور انتظامی امور میں بہتری کے لیے مختلف تجاویز پیش کی گئیں جبکہ مختلف یونٹس کے سربراہان نے ایجنڈے میں شامل امور اور زیر بحث معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ہدایت کی کہ تمام یونٹس کے سربراہان مفاد عامہ کو مدنظر رکھتے ہوئے انتظامی امور کی مؤثر انجام دہی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائیں۔ انہوں نے بورڈ میں زیر غور آنے والی تجاویز کو مزید بہتر اور اپ گریڈ کر کے آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کی بھی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ اہم پالیسی امور پر مؤثر فیصلہ سازی کے لیے پولیس ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کیے جا رہے ہیں۔ پولیس ایگزیکٹو بورڈ افہام وتفہیم اور باہمی مشاورت کے ذریعے لا اینڈ آرڈر، کرائم کنٹرول اور سروس ڈیلیوری میں بہتری کے لیے عمل پیرا ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی لاجسٹکس اینڈ پروکیورمنٹ، ایڈیشنل آئی جی ٹریننگ، ایڈیشنل آئی جی آئی اے بی، ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز، ڈی آئی جی ٹریفک پولیس، ڈی آئی جی آر اینڈ ڈی، ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس اور اے آئی جیز سمیت دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔ ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی، ایڈیشنل آئی جی سی سی ڈی، ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ، ایم ڈی سیف سٹیز، ایڈیشنل آئی جی ایلیٹ پولیس، ایڈیشنل آئی جی رائٹ مینجمنٹ پولیس، ڈی آئی جی ٹیلی کمیونیکیشن، ڈی آئی جی آر ایم پی اور ڈی آئی جی ایڈمن لاہور سمیت دیگر سینئر افسران نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی تاریخ بدلنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی تاریخ تبدیل کرنے کی درخواست پر سماعت کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں 4 رکنی بنچ نے سماعت کی۔ اس موقع پر وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق، چیف سیکرٹری اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کمیشن میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ پنجاب کی کابینہ کمیٹی اور الیکشن کمیشن کا اجلاس ہوا تھا، پنجاب حکومت نے 15 دسمبر سے 15 جنوری کے دوران الیکشن کرانے کا کہا تھا۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے بتایا کہ ہماری بلدیاتی الیکشن کی تیاری مکمل ہے، درخواست ہے کہ انتخابات کیلئے 20 جنوری کے بعد کی تاریخ دی جائے، ہمیں الیکشن تیاری کیلئے دو ماہ چاہئیں، پنجاب اور لاہور میں دسمبر میں بہت دھند ہوتی ہے، 20 جنوری کے بعد موسم کھل جاتا ہے، سٹاف کیلئے انتظامات کے حوالے سے دسمبر بہت تکلیف دہ ہوتا ہے۔ ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ آپ تو اپریل کا الیکشن کہہ رہے تھے۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے کہا کہ ہم نے دوبارہ سوچا کہ جنوری اور فروری میں اعتراض نہیں ہے، اپریل میں ہمیں الیکشن سوٹ کرتا تھا، اپریل میں سکول کی چھٹیاں ہوتی ہیں، سردی میں دن بھی بہت چھوٹا اور ووٹر نہیں نکلتا جبکہ اپریل میں روشنی کا پورا دن ملتا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ 20 جنوری کی درخواست پر غور کریں گے، اس کے بعد الیکشن تاریخ کا اعلان کر دیں گے، چیف الیکشن کمشنر نے چیف سیکرٹری سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ بسنت تو ویسے آپ منا رہے ہیں۔ پنجاب حکومت نے الیکشن کمیشن سے 20 جنوری کے بعد بلدیاتی انتخابات کرانے کی درخواست کی جس پر الیکشن کمیشن نے فیصلہ محفوظ کر لیا۔

بادشاہی مسجد کی قرآن گیلری میں 8 سال بعد قرآن پاک کے نادر نسخوں کی صفائی اور بحالی کا کام شروع

لاہور (این این آئی) سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف و مذہبی امور پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ قرآن مجید کے تقدس، احترام اور تحفظ کو یقینی بنانے، طباعت واشاعت میں کسی بھی قسم کی غلطی یا تحریف کے امکانات کے خاتمے اور متبرک اوراق کی حفاظت کے لیے محکمہ اوقاف پنجاب تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہا ہے، اس سلسلے میں صوبہ بھر کے اضلاع میں ڈپٹی کمشنرز کے تعاون سے قرآن محل قائم کیے جا رہے ہیں، جہاں بوسیدہ اوراق قرآن اور دیگر مقدس تحریری مواد کو مکمل احترام اور شرعی تقاضوں کے مطابق محفوظ رکھنے کے انتظامات کیے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمگیری بادشاہی مسجد لاہور کے دورے کے موقع پر متعلقہ افسران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے قرآن گیلری کا تفصیلی معائنہ کیا، جہاں آٹھ سال کے وقفے کے بعد پہلی مرتبہ قرآن پاک کے نادر اور تاریخی نسخوں کی صفائی، بحالی اور تحفظ کا خصوصی کام شروع کیا گیا ہے۔ یہ کام محکمہ آثار قدیمہ پنجاب اور لاہور میوزیم کے ماہرین کی نگرانی میں انجام دیا جا رہا ہے، جو ان مقدس نسخوں کے اوراق پر جمی گرد وغبار اور دیگر آلودگی دور کرنے کے ساتھ ریشمی اوراق پر ظاہر ہونے والی سلورفش کے اثرات ختم کرنے اور انہیں مزید نقصان سے محفوظ رکھنے کے لیے خصوصی تکنیکی طریقہ کار اختیار کر رہے ہیں۔ قرآن گیلری میں رکھے گئے یہ نادر نسخے 30 پاروں پر مشتمل ہیں، جن کی تیاری کا منصوبہ 1966 میں شروع کیا گیا جبکہ 1976 سے انہیں بادشاہی مسجد میں نمائش کے لیے رکھا گیا ہے۔ ان نسخوں کی نمایاں خصوصیت ماہر خوش نویسوں کی ہاتھ سے کی گئی خطاطی اور سونے و چاندی کی ملمع کاری ہے، جو اسلامی فنِ خطاطی اور فنونِ لطیفہ کا ایک منفرد تاریخی شاہکار ہے۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے ہدایت کی کہ ان نادر قرآنی نسخوں کی صفائی، بحالی اور مستقل حفاظت کے لیے بین الاقوامی میوزیم اسٹینڈرڈز کو مدنظر رکھا جائے۔ انہوں نے قرآن گیلری میں نصب شوکیسز کو جدید خطوط پر اپ گریڈ کرنے، ان کی تزئین وآرائش اور خوب صورتی میں اضافے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شوکیسز میں جدید لائٹنگ، درجہ حرارت اور نمی کو کنٹرول کرنے کے مؤثر انتظامات کیے جائیں تاکہ مقدس نسخوں کو گرد وغبار، ماحولیاتی اثرات اور دیگر ممکنہ نقصانات سے محفوظ رکھا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شوکیسز کی ترتیب اور ڈسپلے کو اس انداز میں بہتر بنایا جائے کہ قرآن پاک کے تاریخی نسخوں کی خطاطی، سونے اور چاندی کے کام اور فنی خصوصیات نمایاں ہوں

انسداد پولیو مہم کے تیسرے روز 91 فیصد انتظامی کوریج مکمل

ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر کی زیر صدارت جائزہ اجلاس، 94 ہزار سے زائد مسڈ بچوں کو دوبارہ رسائی کے ذریعے قطرے پلا دیئے گئے

1,481 زیرو ڈوز بچوں کی نشاندہی، ہر بچے تک رسائی یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے تیسرے روز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے شام کے وقت اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی ای او ہیلتھ، عالمی ادارہ صحت کی نمائندہ اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ضلع راولپنڈی میں تین روز کے دوران مجموعی طور پر 9 لاکھ 89 ہزار 924 بچوں کے ہدف کے مقابلے میں 8 لاکھ 47 ہزار 203 بچوں کی انتظامی کوریج مکمل کی جا چکی ہے، جو مجموعی ہدف کا 86 فیصد ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ تین روز کے دوران 1 لاکھ 62 ہزار 252 مسڈ بچوں کی نشاندہی کی گئی، جن میں سے 94 ہزار 585 بچوں کو دوبارہ رسائی کے (بقیہ نمبر 4)

عمارت گرنے کا واقعہ، کیا غفلت برتی گئی؟ مراد علی شاہ کا نوٹس

وزیراعلیٰ سندھ نے ملبہ ہٹانے کے لیے ریسکیو آپریشن تیز کرنے کا حکم دیا

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے نیا ناظم آباد فلائی اوور کے قریب دو منزلہ عمارت گرنے کا نوٹس لے لیا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے ملبہ ہٹانے کے لیے ریسکیو آپریشن تیز کرنے کا حکم دیا، وزیراعلیٰ سندھ نے زخمیوں کو بہترین علاج معالجہ فراہم کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی سے واقعے کی رپورٹ (بقیہ نمبر 9)



لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ بادشاہی مسجد میں قائم قرآن گیلری کے دورے کے موقع پر قرآن پاک کو محفوظ رکھنے کے طریقہ کار کا جائزہ لے رہے ہیں

گھوٹکی کے نواح ریلوے ملازم ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق

مذکورہ ریلوے ملازم ٹریک پر پیٹرولنگ ڈیوٹی پر تعینات تھا، میت کو اسپتال منتقل کر دیا گیا

گھوٹکی (این این آئی) گھوٹکی کے نواح میں ڈھرکی ریلوے اسٹیشن کے قریب ایک ریلوے ملازم ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق ہو گیا۔ ریلوے حکام کے مطابق مذکورہ ریلوے ملازم ٹریک پر پیٹرولنگ ڈیوٹی پر تعینات تھا۔ حکام کا کہنا ہے کہ جاں بحق ہونے والے ملازم کی میت کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

فضل الرحمان سے منسلک مدرسہ اختر العلوم کو غیر قانونی تعمیر پر نوٹس

قانونی تقاضے پورے نہ کرنے کی صورت میں مدرسے کی عمارت کو سیل کیا جا سکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) مولانا فضل الرحمان کی جماعت جمعیت علمائے اسلام (ف) سے منسلک مدرسہ اختر العلوم کو قانونی خلاف ورزیوں پر سی ڈی اے کا نوٹس جاری کر دیا گیا۔ کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹوریٹ آف بلڈنگ کنٹرول (ساؤتھ) کی جانب سے جے یو آئی (ف) سے منسلک مدرسہ اختر العلوم اسلام آباد کی عمارت تعمیراتی نقشوں کی منظوری حاصل کیے بغیر تعمیر کرنے پر باضابطہ نوٹس جاری کیا گیا ہے۔ سی ڈی اے کی جانب سے جاری نوٹس میں اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز 2020 (ترمیم (بقیہ نمبر 13)



استنبول: وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان تیونس کے وزیر برائے تجارت و برآمدی ترقی، جناب سمیر عابد سے ملاقات کر رہے ہیں

ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی سکیورٹی نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، ایس پی سکیورٹی کی متعلقہ افسران کو ہدایت، (بقیہ نمبر 19)

بجلی چوری کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس کی ایک کارروائی کے دوران بجلی چوری کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بجلی چوری کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری نومبر 2023 سے پولیس کو مطلوب تھا، وارث خان پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن (بقیہ نمبر 10)

صادق آباد پولیس کی کارروائی، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس کی ایک کارروائی کے دوران اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم نے سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو زخمی کر دیا تھا، صادق آباد پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا، ایس پی راول بیدار بخت گوندل کا (بقیہ نمبر 11)

سات افراد گرفتار، دو کلو سے زائد چرس، 50 لیٹر شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی کارروائیوں کے دوران سات افراد کو گرفتار کر کے دو کلو سے زائد چرس برآمد کر لی گئی اور 50 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن بھی برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ویسٹریج پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 01 کلو 200 گرام چرس برآمد کی، چکلالہ پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 01 کلو 200 گرام چرس برآمد کی، بنی پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 20 لیٹر شراب برآمد کی، ریتہ امرال پولیس نے ایک فرد کو حراست (بقیہ نمبر 12)

ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں، چھ افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 06 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 06 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ چکلالہ، مندرہ، جاتلی اور روات کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژن ایس (بقیہ نمبر 27)

حنا جاوید قتل کیس، مقتولہ کے بھائی کا تفتیشی ٹیم پر ایک بار پھر عدم اعتماد

ڈی این اے، پولی گراف ٹیسٹ سمیت تمام متعلقہ رپورٹس فراہم کی جائیں، فہد جاوید

لاہور (این این آئی) حنا جاوید قتل کے کیس کے مدعی اور مقتولہ کے بھائی فہد جاوید نے تفتیشی ٹیم پر ایک بار پھر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مختصب پنجاب کو خط ارسال کرتے ہوئے پولیس چالان میں شامل شواہد کی مکمل تفصیلات فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ مقتولہ کے بھائی نے پولیس تفتیش اور اعلیٰ سطح کی تفتیشی ٹیم پر دوبارہ عدم اعتماد ظاہر کرتے ہوئے دونوں کی رپورٹس کی تصدیق شدہ نقول بھی طلب کی ہیں۔ خط میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ ڈی (بقیہ نمبر 20)



سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن (SCBA) کے صدر اور سپریم کورٹ کے وکیل، جناب ہارون الرشید، سپریم کورٹ آف پاکستان، اسلام آباد میں چیف جسٹس، جناب جسٹس یحییٰ آفریدی کو یادگاری تختہ پیش کر رہے ہیں

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران 6 گینگز کے 13 ملزمان گرفتار کر لئے گئے جن کے قبضے سے 24 مسروقہ موٹر سائیکل، 4 موبائل فون، رقم اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے تین گینگز کے 5 ملزمان سے 14 مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فون اور رقم برآمد کی، گنجنڈی پولیس نے چار رکنی گینگ سے 5 مسروقہ (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد ماڈل کالج میں سالانہ مقابلہ جات کا پروقار انعقاد

دو روزہ مقابلوں میں چھٹی سے دسویں جماعت کی طالبات کی بھرپور شرکت

فاطمہ جناح اور سلمیٰ تصدق ہاؤسز کے مابین سخت مقابلہ، ٹیم ورکس کی بھرپور پذیرائی

پرنسپل ڈاکٹر سعدیہ عزیز کی کامیاب طالبات اور ہاؤس مسٹریس میں سرٹیفکیٹس کی تقسیم

پریس ریلیز (این ای این) اسلام آباد ماڈل کالج برائے طالبات ایف سیون فور (۷) میں 3 نومبر 2026 بروز منگل سے بین الجماعتی مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا جس میں جماعت ششم تا جماعت دہم کی طالبات نے حصہ لیا۔ فاطمہ جناح ہاؤس اور سلمیٰ تصدق ہاؤس میں مقابلوں کا سلسلہ 4 نومبر 2026 بروز بدھ تک جاری رہا جس میں مقابلہ حسن قرآت و نعت، اردو اور انگریزی نظم خوانی، لوک گیت، صوفیانہ کلام اور مزاحیہ خاکے شامل تھے۔ مقابلوں کے اختتام پر کامیاب ہونے والی طالبات اور ہاؤس مسٹریس کو پرنسپل صاحبہ ڈاکٹر سعدیہ (بقیہ نمبر 21)

سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کا اہم اقدام

ایس ڈی پی اوز کو روزانہ شام 4 بجے سے 6 بجے تک تھانوں میں موجود رہنے کا حکم

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کا اہم اقدام کرتے ہوئے شہریوں کے مسائل کے فوری ازالے اور تفتیشوں کی مؤثر نگرانی کے سخت احکامات جاری کئے ہیں اور، تمام ایس ڈی پی اوز کو روزانہ شام 4 بجے سے 6 بجے تک اپنے سرکل کے کسی ایک تھانے میں شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے موجود رہنے کی ہدایات کی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کا اہم اقدام، سی پی او کی جانب سے شہریوں کے (بقیہ نمبر 22)



وزیر مملکت اور چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسیٹس ریگولیٹری اتھارٹی، بلال بن ثاقب اسلام آباد میں ماسٹر کارڈ کے ایسٹ عریبیہ (East Arabia) ڈویژن کے صدر، مارک ایلیٹ سے ملاقات کی۔

چوہدری شافع حسین کی اسلام آباد چیمبر آمد ورکنگ گروپ تشکیل دینے کا اعلان

پنجاب میں صنعتی یونٹس کے لئے 30 سے 50 سالہ لیز اور 2 لاکھ روپے فی ایکڑ کرائے پر پلاٹس کی فراہمی شروع، انڈسٹریل اسٹیٹس سے مافیا کا خاتمہ

اسلام آباد کے صنعتکار پنجاب کے سپیشل اکنامک زونز اور رنگ روڈ انڈسٹریل پارک میں سرمایہ کاری کریں، وزیر صنعت و تجارت

راولپنڈی (این ای این) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی ایوان صنعت و تجارت اسلام آباد آمد پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ صوبائی وزیر نے اسلام آباد چیمبر کے عہدیداران اور صنعتکاروں سے ملاقات کی، جس میں اسلام آباد کی انڈسٹری اور صنعتکاروں کے مسائل پر بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے پنجاب کے صنعتی مراکز میں انفراسٹرکچر کی بہتری اور ملکی (بقیہ نمبر 5)

شیخوپورہ میں ایف آئی اے کی بڑی کارروائیاں، 2 ملزم گرفتار

معروف رجسٹرڈ کمپنی کے نام سے جعلی مصنوعات تیار اور فروخت کی جا رہی تھیں

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے لاہور زون نے شاہ عالم مارکیٹ لاہور اور شیخوپورہ میں کارروائیاں کرتے ہوئے معروف رجسٹرڈ کمپنی کے نام سے جعلی مصنوعات تیار اور فروخت کرنے والی فیکٹری پکڑ لی۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل کی کارروائی کے دوران جعلی مصنوعات کی بھاری کھیپ برآمد کر کے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت نبیل ایوب اور (بقیہ نمبر 14)

سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

مینگورہ (این این آئی) سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر سکیل پر زلزلے کی شدت 4.6 ریکارڈ کی گئی، زلزلے کی زیر زمین گہرائی 182 کلومیٹر تھی، زلزلے کا مرکز کوہ ہندوکش کا پہاڑی سلسلہ تھا۔ زلزلے کے باعث شہری خوفزدہ ہو کر گھروں اور عمارتوں سے باہر نکل آئے اور کلمہ طیبہ کا ورد کرتے (بقیہ نمبر 15)

05 افراد کو حراست میں لے کر 65 لیٹر سے زائد شراب برآمد کر لی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 05 افراد کو حراست میں لے کر 65 لیٹر سے زائد شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 40 لیٹر شراب برآمد کی، بنی پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 15 لیٹر شراب برآمد کی، صدر بیرونی پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کی، سول لائنز پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 04 بوتل شراب برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔

ملک میں ایک ماہ کے دوران 5 ہزار سے زائد نئی کمپنیاں رجسٹرڈ

رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد بڑھ کر 3 لاکھ 21 ہزار 794 ہو گئی

کراچی الاہور (این این آئی) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں اکتوبر 2026ء کے دوران 5 ہزار 3 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ اس پیشرفت کے بعد ملک میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد بڑھ کر 3 لاکھ 21 ہزار 794 ہو گئی، اس دوران 99.9 فیصد کمپنیوں کی رجسٹریشن آن لائن ہوئی۔ ایس ای سی پی کے مطابق نئی کمپنیوں (بقیہ نمبر 28)

مبینہ ہنگامے کے الزام میں تھانہ گلبرگ میں درج ایف آئی آر منسوخ

ہائیکورٹ نے مجسٹریٹ، ایڈیشنل سیشن جج کے دونوں احکامات کالعدم قرار دے دیئے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے معروف ہوٹل کمپنی کے سالانہ اجلاس میں مبینہ ہنگامے کے الزام میں تھانہ گلبرگ میں درج ایف آئی آر منسوخ کر دی گئی، جسٹس محمد جواد ظفر نے وحید رحیم کی درخواست منظور کرتے ہوئے مجسٹریٹ اور ایڈیشنل سیشن جج کے دونوں احکامات کالعدم قرار دے دیئے۔ مقدمہ وحید رحیم کی والدہ رضیہ بیگم کی طرف سے درج کرایا گیا جس میں بیٹے پر دھمکی دینے، گریبان پکڑنے اور کپڑے (بقیہ نمبر 30)

تجاوزات کے خلاف آپریشن غریب ریڑھی بانوں کے چولہے ٹھنڈے پڑنے لگے

روزگار چھیننے کے بجائے باعزت روزگار کے مواقع دیے جائیں، بشارت نظیر خان اور عزیز اللہ خان

مہنگائی کے ستائے محنت کش کہاں جائیں؟ بچوں کا پیٹ پالنا مشکل، انتظامیہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مسئلے کا حل نکالے



صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان، لاء افسران میں حکومت پنجاب کی جانب سے جدید نجملیٹس تقسیم کر رہے ہیں

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ/عبدالرحمان) راولپنڈی اور چکلالہ میں ریڑھی بانوں اور چھابڑی فروشوں نے حکومت اور متعلقہ انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کے دوران غریب محنت کش طبقے کے معاشی حالات کو بھی مدنظر رکھا جائے اور ان سے روزگار چھیننے کے بجائے انہیں متبادل مقامات فراہم کیے جائیں تاکہ وہ عزت کے ساتھ محنت مزدوری کر کے اپنے بچوں کا پیٹ پال سکیں۔ ریڑھی بانوں اور چھابڑی فروشوں کے نمائندگان بشارت نظیر خان (بقیہ نمبر 7)

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 4 منشیات سپلائر گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے 4 منشیات سپلائر گرفتار کر لئے جن کے قبضے سے 8 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق ویسٹریج پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 2 کلو 600 گرام چرس برآمد کی، سول لائنز پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 2 کلو 200 گرام چرس برآمد کی، پیرودھائی پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر (بقیہ نمبر 31)

14 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والے ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 14 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والے ملزم کو تحویل میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 14 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والے ملزم کو تحویل میں لے لیا گیا، مدعی مقدمہ کے مطابق ملزم نے میری بیٹی سے زیادتی کی، روات پولیس نے شہری کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم کو تحویل میں لے لیا، متاثرہ لڑکی کا میڈیکل پراسس کروایا گیا ہے۔

جو بھی ایران سے ٹکرائے گا، قیمت چکائے گا، محسن رضائی

ایران سے لڑنے والا اسکی قیمت میدان جنگ سے اپنی دہلیز تک چکائے گا، بیان

تہران (این این آئی) ایران کی قومی سلامتی کونسل کے سربراہ محسن رضائی نے کہا ہے کہ جو بھی ایران سے ٹکرائے گا، قیمت چکائے گا۔ امریکا کے مڈٹرم نتائج پر ردعمل دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایرانی قوم نے ڈونلڈ ٹرمپ کو میدان جنگ اور ہرمز میں (بقیہ نمبر 32)

سموگ کا راج، لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں سر فہرست

دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں لاہور پہلے نمبر پر براجمان ہے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں فضائی آلودگی کی صورتحال ایک بار پھر انتہائی تشویشناک ہو گئی، دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں لاہور پہلے نمبر پر براجمان ہے۔ شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 338 ریکارڈ کیا گیا، جبکہ مختلف علاقوں میں آلودگی کی شرح خطرناک حد تک بلند رہی۔ اعداد و شمار کے مطابق برکی روڈ پیراگون میں فضائی آلودگی کی شرح 631 ریکارڈ کی گئی، جبکہ سی ای آر پی آفس میں 555 اور علامہ اقبال ٹاؤن (بقیہ نمبر 33)



لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی ہی ایم پنجاب یوتھ گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سی ٹی او راولپنڈی فرحان اسلم کا پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کا دورہ

نو منتخب کابینہ کو مبارکباد دی، صحافت اور ٹریفک پولیس کے روابط مزید مستحکم بنانے پر اتفاق

چوہدری قاسم سمیت ٹریفک افسران کی شرکت، باہمی دلچسپی کے امور اور پیشہ ورانہ تعاون پر گفتگو

گوجرخان (قمر شہزاد) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم نے پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پریس کلب کی نو منتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انچارج ٹریفک سرکل گوجرخان چوہدری قاسم سمیت دیگر ٹریفک پولیس افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ملاقات کے دوران صحافت اور ٹریفک پولیس کے درمیان باہمی روابط، پیشہ ورانہ تعاون اور عوامی آگاہی کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی (بقیہ نمبر 8)

بانی پی ٹی آئی کی صحت کو خطرہ ہے، راجا ناصر عباس

اے پی سی قومی اتفاق رائے کی طرف پہلا قدم ہوگا، سلمان اکرم راجا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت کو خطرہ ہے۔ علامہ ناصر عباس نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگائی گئی اور عوام کو کہا گیا کہ مینڈیٹ کو نہیں مانتے۔ انہوں نے کہا کہ اے پی سی کی حتمی تاریخ کمیٹی مشاورت کے بعد طے کرے گی، کامران مرتضیٰ، ناصر شیرازی اور سلمان اکرم راجا کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔ علامہ ناصر عباس نے بتایا کہ کمیٹی میں عامر ڈوگر اور مصطفیٰ نواز کھوکھر بھی شامل ہوں گے، اے پی سی کے لیے کوآرڈینیٹر اخوانزادہ حسین یوسفزئی اور خالد یوسف چودھری ہوں گے۔ علامہ ناصر عباس کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت کو خطرہ ہے۔

چوہدری قاسم سمیت ٹریفک افسران کی شرکت، باہمی دلچسپی کے امور اور پیشہ ورانہ تعاون پر گفتگو



کراچی: کراچی چیمبر فانوس کے صدر ریفع احمد، نائب صدر سعدیہ عمران، سینئر صحافی معظم انصاری کا پروفیسر روبی قسم کے ہمراہ گروپ فوٹو

شنگھائی روڈ لاہور پر نئی گرین بیلٹ کی ڈویلپمنٹ کا آغاز

فیروز پور روڈ لنک سے کماہاں موٹروے تک گرین بیلٹ بنائی جائے گی

لاہور (این این آئی) ہارٹی کلچر اتھارٹی لاہور نے شہر کو سرسبز، خوبصورت اور ماحول دوست بنانے کے لیے شنگھائی روڈ پر نئی گرین بیلٹ کی ڈویلپمنٹ کا کام شروع کر دیا ہے۔ گرین بیلٹ فیروز پور روڈ لنک سے کماہاں موٹروے تک تعمیر و ترقی کے مراحل سے گزرے گی اور اس کی مجموعی لمبائی 3.3 کلومیٹر جبکہ چوڑائی 12 فٹ ہوگی۔ ایم ڈی ہارٹی (بقیہ نمبر 23)



کراچی: کراچی چیمبر فانوس کے صدر ریفع احمد، نائب صدر سعدیہ عمران، سینئر صحافی معظم انصاری کا پروفیسر روبی قسم کے ہمراہ گروپ فوٹو

پولیس ملازمین پر بھکاری ایکٹ کا پرچہ درج، تین اہلکار گرفتار

وردی کو ذاتی مفاد کا ذریعہ نہیں بننے دیں گے، ڈی آئی جی آپریشنز

لاہور (این این آئی) گارڈن ٹاؤن پولیس نے دوران ڈیوٹی شہری سے کھانے کے پیسے مانگنے والے تین اہلکار گرفتار کر لیے۔ گرفتار ملزمان کی شناخت فیاض، فرحان اور احمد مصطفیٰ کے نام سے ہوئی۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق پولیس ملازمین پر بھکاری ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ ملزمان نے برکت مارکیٹ میں شہری کو روک کر کھانے کے لیے پیسوں کا مطالبہ کیا۔ تینوں اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے بعد مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا کہ شہریوں کی عزت اور پولیس فورس کے (بقیہ نمبر 24)

سی سی ایس طالبہ ہنی ٹریپ کیس، ایس ایچ او برطرف

انسپکٹر اطہر رشید اور انسپکٹر وقاص احمد کی ایک، ایک سال کی سروس ضبط کر لی گئی

ساہیوال (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر ساہیوال رانا ایاز سلیم نے سی سی ایس کی طالبہ کے ہنی ٹریپ کیس میں سرکاری فرائض کی انجام دہی کے دوران بدنیتی اور بددیانتی کے الزامات پر تھانہ ہڑپہ کے ایس ایچ او انسپکٹر ماجد اشفاق کو ملازمت سے برطرف کر دیا، جبکہ بدعنوانی کی شکایت پر پولیس کے سینئر کلرک ساجد یعقوب کو بھی نوکری سے برخاست کر دیا گیا۔ آر پی او کے مطابق انسپکٹر اطہر رشید اور انسپکٹر وقاص احمد کی ایک، ایک سال کی (بقیہ نمبر 25)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

بغیر اجازت دوسری شادی، شوہر کو 2 ماہ قید اور 5 لاکھ جرمانہ

فیملی کورٹ گوجرخان کا بڑا فیصلہ، دوسری شادی کرنے پر راجہ شاہد محمود کو سزا سنا دی گئی

سینئر ایڈووکیٹ چوہدری خرم شہزاد کی پیروی پر استغاثہ کامیاب، عدالت نے جرم ثابت ہونے پر فیصلہ سنا دیا

گوجرخان (قمر شہزاد) بیوی کی قانونی اجازت کے بغیر دوسری شادی کرنے پر فیملی کورٹ گوجرخان نے شوہر کو دو ماہ قید اور پانچ لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی موہڑہ برج کے رہائشی شاہد محمود نے اپنی پہلی بیوی کی قانونی اجازت کے بغیر دوسری شادی کر لی، جس پر اس کی اہلیہ نے سینئر ایڈووکیٹ چوہدری محمد خرم شہزاد کے ذریعے مقامی فیملی کورٹ میں استغاثہ دائر کیا۔ گزشتہ روز استغاثہ کے وکیل کے دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے سینئر جج فیملی کورٹ محسن رضا نے جرم ثابت ہونے پر ملزم راجہ شاہد محمود کو پانچ لاکھ روپے جرمانے اور دو ماہ قید کی سزا سنا دی۔

امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس کی کارروائی، امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری جون 2026 سے پولیس کو مطلوب تھا، صادق آباد پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع سے اشتہاری کو ٹریس کر کے گرفتار کر لیا، ایس پی راول بیدار بخت گوندل کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 18)



عمرہ پیکیج فراڈ میں 49 شہریوں سے 70 لاکھ روپے بٹورنے والا ٹریول ایجنٹ ایف آئی اے کی تحویل میں

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp 0309-7900035

E-Commerce Website Price: 6000/-